# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Monday, 24, February, 1986*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (State Bank Building), Islamabad, at the half past four of the clock, in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ○

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ ءَاذَوْا۟ مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ ٱللَّهُ مِمَّا قَالُوا۟ ۚ وَكَانَ
عِندَ ٱللَّهِ وَجِيهًا ۶۹ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَقُولُوا۟ قَوْلًا سَدِيدًا ۷۰
يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَٰلَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَقَدْ
فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ۷۱ إِنَّا عَرَضْنَا ٱلْأَمَانَةَ عَلَى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱلْجِبَالِ
فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا ٱلْإِنسَٰنُ ۖ إِنَّهُۥ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ۷۲
لِّيُعَذِّبَ ٱللَّهُ ٱلْمُنَٰفِقِينَ وَٱلْمُنَٰفِقَٰتِ وَٱلْمُشْرِكِينَ وَٱلْمُشْرِكَٰتِ
وَيَتُوبَ ٱللَّهُ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَٰتِ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًۢا ۷۳

ترجمہ: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

مومنو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو خدا نے ان کو بے عیب ثابت کیا اور وہ خدا کے نزدیک آبرو والے تھے۔

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Monday, 24, February, 1986*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (State Bank Building), Islamabad, at the half past four of the clock, in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ○

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ ءَاذَوْا۟ مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ ٱللَّهُ مِمَّا قَالُوا۟ ۚ وَكَانَ
عِندَ ٱللَّهِ وَجِيهًا ٦٩ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَقُولُوا۟ قَوْلًا سَدِيدًا ٧٠
يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَـٰلَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَقَدْ
فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ٧١ إِنَّا عَرَضْنَا ٱلْأَمَانَةَ عَلَى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَٱلْجِبَالِ
فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا ٱلْإِنسَـٰنُ ۖ إِنَّهُۥ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ٧٢
لِّيُعَذِّبَ ٱللَّهُ ٱلْمُنَـٰفِقِينَ وَٱلْمُنَـٰفِقَـٰتِ وَٱلْمُشْرِكِينَ وَٱلْمُشْرِكَـٰتِ
وَيَتُوبَ ٱللَّهُ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَـٰتِ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ٧٣

ترجمہ: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

مومنو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنھوں نے موسیٰ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو خدا نے ان کو بے عیب ثابت کیا اور وہ خدا کے نزدیک آبرو والے تھے۔

مومنو! خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کیا کرو۔ وہ تمہارے سب اعمال درست کر دے گا۔ اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور جو شخص خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی مراد پائے گا۔

ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں اور زمین پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بے شک وہ ظالم اور جاہل تھا۔ تاکہ خدا منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور خدا مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی کرے اور خدا تو بخشنے والا مہربان ہے۔

---

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم، سوالات - جناب شہزادہ برہان الدین صاحب۔

### FLIGHTS OF BOEING 737 FOR CHITRAL

150. ***Shahzada Burhanuddin Khan:** Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state :

(a) whether there is any proposal under consideration of Government to start the flight of Boeing 737 for Chitral, because the present twelve flights of Fokker in a week are inadequate ; and

(b) if answer to (a) above be in the negative, the steps proposed to be taken to alleviate the difficulties faced by the people of Chitral ?

**Sahabzada Yaqub Khan** (Answered by Mr. Zain Noorani): (a) Yes, there is a proposal under consideration of PIA and CAA for operating Boeing 737 flight to Chitral after the runway is strengthened to take its load.

(b) Question does not arise.

شہزادہ برہان الدین خان: ضمنی سوال - کیا جہاز کے میدان کو بنانے کی کوئی تجویز ہے؟

**Mr. Zain Noorani :** Yes Sir, and it is expected that druing this year, the strength of the run-way would be made to fulfil the requirement to enable Boeing flights to operate from this sector.

شہزادہ برہان الدین خان: کب تک فوکر پروازیں زیادہ کرنے کا امکان ہے؟

**Mr. Zain Noorani :** Sir, the frequency of the flights from this sector depends to a great extent on the weather conditions. For example, during the last 12 months, the scheduled flights of Fokker F-27 were 624 but unfortunately due the exigencies of the weather only 518 flights could be operated. In other words, instead of 50416 passengers, which was planned only 40269 passengers could be air-lifted. This means it depends a great deal on the weather conditions and the idea of introducing the Boeing is that those planes can operate inspite of adverse weather.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** After the recent accident of Boeing, has the Government considered it necessary to examine the feasibility of operation of Boeing in Pakistan ?

**Mr. Chairman :** I don't think it arises out of this question.

**Mr. Zain Noorani :** The question which the honourable Senator wishes to ask, does not arise out of this.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** But may I, Sir, ask it or put it this way, I can put it in this way. Does the Government consider it safe and feasible to operte Boeing flights in Chitral after the last accident ?

**Mr. Zain Noorani:** The last accident was not occurred to Boeing 737 which was intended to fly.

معزز رکن: چونکہ کوئی نقصان نہیں ہوا اس لئے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں gratuitous remarks کی خاص ضرورت نہیں ہوتی۔ اگلا سوال، شہزادہ برہان الدین خان۔

## Arrangements for Access to Chitral

151. ***Shahzada Burhanuddin Khan :** Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) whether there are adequate arragements for access to Chitral, which has a two hundred mile long border from Wakhan to

[Shahzada Burhanuddin Khan]

Arondo, adjoining the Soviet-Afghan territory and remains cut off from Pakistan by road for six months in a year due to inclement weather ; and

(b) whether there is any proposal under the consideration of Government to step up such arrangements ?

**Sahabzada Yaqub Khan** (Answered by Mr. Zain Noorani): Land communication to Chitral remains disrupted during winter because of snow fall. The only means of communication during winter months is by air. Work on construction of a tunnel (called Lowari Tunnel) was started by the Army Engineers a few years ago and had to be abandoned due to paucity of funds. The proposed tunnel was 8.2 km long and a very small portion *i.e.* about 1/2 of a km was completed before closing down the project. The project has now been included in the Sixth Five Year Plan.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال - شہزادہ برہان الدین خان صاحب۔

شہزادہ برہان الدین خان: جناب اسلم خٹک صاحب کو بھی معلوم ہے کہ ایک راستہ افغانستان سے آتا ہے اس کو بھی انہوں نے وہ کیا تھا اور افغانستان نے اس کو مان لیا تھا۔ کیا اس کے بارے میں کوئی پیش رفت ہوگی کہ نہیں؟

جناب چیئرمین: جناب زین نورانی صاحب۔

**Mr. Zain Noorani:** Sir, *Insha Allah-o-Taala* after the issue of Afghanistan has been settled, we will take it up again.

جناب چیئرمین: جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب وزیر محترم نے فرمایا ہے کہ نصف کلو میٹر (سرنگ) تعمیر ہوگئی ہے۔ تو کیا یہ بتائیں گے اس پر کتنی لاگت آئی ہے؟

جناب چیئرمین: جناب زین نورانی صاحب۔

**Mr. Zain Noorani :** Sir, I do not have the figures for how much does it cost for...........*(interruption)*.

جناب چیئرمین: ان کے پاس وہ فگرز نہیں ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اس کی وجوہات کیا ہیں؟

جناب چیئرمین: کس کی ؟سوال نہیں پوچھا گیا۔ نوٹس نہیں دیا گیا۔ اگلا سوال شہزادہ برہان الدین خان ۔

### LINKING OF CHITRAL WITH OTHER PARTS OF THE COUNTRY

152. ***Shahzada Burhanuddin Khan:** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) whether there is any proposal under the consideration of Government to link Chitral with other parts of the country by an all-weather road ;

(b) if not, the reasons therefore; and

(c) the present stage of the proposal about Lowari Tunnel, which was initiated during the previous regime ?

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** (a) Yes.

(b) Question does not arise.

(c) Contract for engineering and feasibility study will be awarded shortly.

شہزادہ برہان الدین خان: جناب عالی! اس کے بارے میں یہ طے تھا کہ جب تک لواری سرنگ مکمل نہیں ہوتی اس وقت تک اس کا بندوبست ایلیٹری کے مقام سے تھا مگر اس کو بھی نہیں کیا گیا۔

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** Sir, I don't know whether he is asking a question or making a statement but the scheme has been revised under an order by the President and in March, a feasibility study is going to be started which should be ended by the end of the year when construction contracts would be considered.

**Mr. Chairman :** Now, what he is asking is that in answer to his question part (a) whether there is any proposal under consideration of the Government to link Chitral with other parts of the country by an

[Mr. Chairman]

all-weather road. Then answer given is 'yes' and he wants the details of that.

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** The details of the scheme Sir ?

**Mr. Chairman :** The details of the scheme. How Chitral is going to be connected with the rest of the country by an all-weather road ?

**Malik Nur Hayat Khan Noon:** Proposals from Foreign/ Pakistani (joint venture) consultants for feasibility study and design of the project, were received in December, 1985. The Proposals are under scrutiny at the moment. The work on feasibility study would start in March, 1986, and will be completed by the end of 1986. Then tenders for the construction of the tunnel would be floated. The project is estimated to cost a hundred crore and is likely to take four years for completion starting in 1987. Concept of the project was approved by CDWP on 30th January, this year.

To link Chitral with other parts of the country, for all other traffic, a tunnel is the only alternative. In 1974, work for construction of Lowari Tunnel was entrusted to Frontier Works Organization at a cost of 40 crores which included construction of 26,400 feet long tunnel at a height of 7,800 feet. Frontier Works Organization started work in 1974 from Dir side which was to be completed in 5 years. Only 1970 feet tunnel could be constructed, that too without lining. This was only 5% of the total. Since the project was very costly and was beyond the financial resources of the Government, therefore, it was decided to abandon the project in 1979. By this time 11 crore, 44 lakh rupees had been spent.

**Mr. Chairman :** Thank you. I think this is enough.

**Shahzada Burhanuddin Khan:** If Lowari Tunnel Scheme does not materialise. Is there any alternative arrangement ?

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** No.

**Mr. Chairman :** This is what he has said that for the time being they have no other alternative except access to Chitral through Lowari Tunnel.

**Shahzada Burhanuddin Khan:** This is what I am saying, that is materialised Sir, and it is not.........*(interruption)*.

**Mr. Chairman:** Well, at that stage if we are all around, I think you can ask the next question جناب عبدالرحیم میرداد خیل

TELEPHONE CONNECTIONS

@119. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the number of telephone connections provided at present in Baluchistan, Sind, Punjab and N.W.F.P. respectively; and

(b) the number of telephone connections provided so far per thousand population, province-wise ?

**Malik Nur Hayat Khan Noon:** (a) The number of telephone connections working in Punjab, Sind, N.W.F.P. and Baluchistan as on 31-13-1985 are as follows :—

| | |
|---|---|
| (i) Punjab | 234151(Inclusive Islamabad). |
| (ii) Sind | 201377(Inclusive Karachi). |
| (iii) N.W.F.P. | 34056 |
| (iv) Baluchistan | 17394 |
| Total | 486978 |

(b) The number of telephone connections working per 1000 population province-wise are as follows :—

| | *Density of Telephone/1000* |
|---|---|
| (i) Punjab | 4.91 |
| (ii) Sind | 10.58 |
| (iii) N.W.F.P. | 3.08 |
| (iv) Baluchistan | 4.01 |
| Total Average | 5.93 |

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیا وزیر محترم بیان فرمائیں گے کہ اس وقت بلوچستان میں کنکشنوں کی کتنی درخواستیں منظوری کے لئے پڑی ہیں اور کب تک ان کی منظوری متوقع ہے؟

جناب چیئرمین: بلوچستان میں pending درخواستیں کتنی ہیں اور کب تک ان کی منظوری کی امید ہے؟

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** Sir, I do not have the number of pending applications Province-wise and this question was not asked, I need notice for that except I would say that 45,000 telephones connections were given during last year at a cost of one hundred and sixty crore against target of 50,000 and it is hoped that in the next one or two years the rate will go up to 100,000 connections per year and in 1988 onward, *Insha-Allah,* up to 200,000 connections per year. The Karachi city alone has a pending demand of eighty or ninety thousand which is two years performance for the whole of Pakistan. So it gives you an idea of how many telephone connections are required against those that are being fitted.

**Sardar Khizar Hayat Khan :** Suplementary Sir, How many telephone connections out of 234,151 are in rural area of the Punjab ?

**Mr. Chairman :** Have you got the figures ? Out of the 234,151 including Islamabad.

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** Sir, Islamabad has 37,000, Lahore Telecommunication Region has 86,000, so that leaves a balance of 1,09,000 which is called the Central Communication Region but we have no account for rural and urban separately.

**Sardar Khizar Hayat Khan :** Will the Minister be pleased to state that telephone connections in rural area are very limited or almost negligible and will the Government consider to raise the number of telephones in villages also ?

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** Yes Sir, we are considering this very seriously on a large scale and with an increased capacity to install telephones I am sure the member of installing new telephone connections in rural areas will be increased.

**Mr. Chairman :** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** Will the honourable Minister be able to tell us the cost per connection Sir.

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** 45,000 telephone connections were put up at a cost of one hundred and sixty crore. So it is above 4 or 5 thousand per connecton and we have a break down of one hundred and sixty crore, if the honourable Senator would like to know.

**Mr. Chairman :** Mir Dad Khel.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیاوزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ جوبلوچستان میں اس وقت ایک بلڈنگ بن گئی ہے۔ تو اس میں کب تک ٹیلی فون ایکسچینج قائم ہوگی ؟

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** I need fresh notice Sir, for this.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب وہ عمارت تعمیر ہوگئی ہے، صرف اس کی منظوری کی معلومات بھی ان کے پاس نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین کون سی بلڈنگ ؟ کہاں پر کون سی بلڈنگ تیار ہوئی ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کوئٹہ میں، جناب سریاب روڈ پر۔

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** So, I will certainly look into it.

**Mr. Chairman :** I think this finishes the questions, sorry, Professor Khurshid Ahmad.

پروفیسر خورشید احمد: ٹیلی فونوں کی تعداد کے بارے میں تو کئی سوال ہوگئے۔ کیا یہ بھی relevant ہو گا کہ ہم پوچھیں کہ ٹیلی فون کی سروس کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لئے کیا کوشش کی جارہی ہے ؟ کیوں کہ میرے پاس جو پرسنل ٹیلی فون ہے اس پر یا تو غلط فون آتے ہیں یا میری کالیں غلط ملتی ہیں۔

**Mr. Chairman :** It would not arise out of this but the honourable Minister can throw some light on this.

**Malik Nur Hayat Khan Noon :** I have had an opportunity of discussing this with some of the senior officials in the Ministry Sir, and

[Malik Nur Hayat Khan Noon]

there seems to be three main reasons, one is heat, the other is dust, because the machinery we are installing and have been installing is rather sensitive. We are going to look into this and try to improve the situation. The third main reason is that out of every hundred lines, according to the experts, we should have given connections for 91 or 92 telephones and eight or nine should be free. But unfortunately the situation is that telephone many exchanges are overloaded and to the extent of 97 and 98 connections per hundred available connections have been given. This results in getting wrong numbers, it results in cross, cross talks, it also results in lines being dropped in the middle of conversation. The pressure for new connections is normal. We are also trying not to disconnect phones in order to improve the situation and we are trying to expend the facilities and to bring right proportion into these telephone exchanges so that the service imporves.

مولانا کوثر نیازی: کیا جناب وزیر صاحب پرانے سیاسی کارکن ہونے کے ناتے سے حکومت سے ٹیلی فون ٹیپنگ بند کرانے کی بھی کوئی سفارش کریں گے؟

**Mr. Chairman :** I think, it does not arise out of this.

---

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب پیر شجاعت حسین قریشی بیرون ملک تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۷/فروری تا ۴/مارچ رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی یہ درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: ملک عبدالقیوم خان اپنے گاؤں، ایک ضروری کام کے سلسلے میں تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۴/فروری تا ۲/مارچ رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: تحاریک التوا

---

## ADJOURNMENT MOTION ; *RE* : CONSTRUCTION OF QAID-I-AZAM MEMORIAL IN FAISALABAD

مولانا کوثر نیازی: پی پی آئی نے اطلاع دی ہے کہ فیصل آباد میں دھوبی گھاٹ پر واقع

پارک میں قائداعظم کی یادگار قائم کرنے کے لئے جو جگہ مختص کی گئی تھی وہ مقامی حکام کی غفلت کی بناء پر کوڑا گھر بن کر رہ گئی ہے' اس یادگار کا سنگ بنیاد اگست ۸۲ء میں رکھا گیا تھا اور یہ تجویز بھی پیش کی گئی تھی کہ یہاں بنائی جانے والی پانچ منزلہ عمارت میں پاکستان نیشنل سنٹر' ایک لائبریری اور آرٹس کونسل بھی واقع ہوں گی لیکن اب اس جگہ کی حالت اتنی ناگفتہ بہ ہے کہ پارک کے دونوں طرف کے مرکزی فٹ پاتھ راہ گیر پیشاب کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ صورت حال سخت افسوناک ہے اور میں تجویز کرتا ہوں کہ اس پر بحث کرنے کے لئے ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed?

میر نواز خان مروت : گزارش یہ ہے کہ اصل واقعات یہ ہیں کہ درحقیقت رولز کے تحت یہ گورنمنٹ کا concern بھی نہیں ہے۔ یہ میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کا کنسرن ہے۔ رولز میں آپ کو پتہ ہے کہ یہ رول ۷۱ (الف) کے تحت آتا ہے۔

Unless it is primarily concern of the Federal Government.

پھر میں ان technicalities میں نہیں جاؤں گا میں فاضل سینیٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک قائداعظم کا تعلق ہے خواہ موجودہ نسل ہو یا آنے والی کوئی نسل ہو قائداعظم کا احترام اور ان کی عظمت ہمارے دل و دماغ پر نقش ہے اور کوئی بھی قائداعظم کے احترام میں کمی نہ تو برداشت کر سکتا ہے' نہ اس کا تصور کر سکتا ہے۔ رہا یہ کہ یہ یادگار کیا تھی' جناب دراصل ایسا کوئی منصوبہ فیڈرل حکومت کا نہیں تھا۔ فیصل آباد کا outgoing Mayor جو تھا اس نے وہاں کوئی پتھر لگایا تھا اور کہا تھا کہ ۹ لاکھ روپیہ سے کوئی یادگار تعمیر کی جائے گی اور قائداعظم کے نام سے منسوب کی جائے گی' وہ صرف میونسپل کارپوریشن کا مسئلہ تھا' پنجاب گورنمنٹ سے بھی معلوم کیا گیا ہے' پتہ یہ چلا ہے کہ مجلس یادگار قائداعظم کے نام سے کوئی پرائیویٹ آرگنائیزیشن ہے اس نے ٹرسٹ رجسٹر کرانے کے لئے application دی ہے جو منسٹری آف انٹیریئر کو بھیجی گئی ہے وہ بالکل پرائیویٹ ادارہ ہے۔ اس کے لئے وہ خود فنڈ مہیا کرے گا۔ جیسے ایک ٹرسٹ کا کام ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ گورنمنٹ کا کام نہیں ہے' نہ گورنمنٹ نے یہ منصوبہ شروع کیا تھا' اور نہ یہ گورنمنٹ کا منصوبہ ہے۔ رہا یہ کہ وہاں پر کوڑا کرکٹ ہے یا کچرا جمع ہوا ہے اس پر کمشنر فیصل آباد سے معلومات حاصل کی گئی تھیں' انہوں نے موقع کا

[Mir Nawaz Khan Marwat]

معائنہ کیا تھا وہ کہتے ہیں کہ یہاں پر اس قسم کے کوڑا کرکٹ کی کوئی بات نہیں ہے۔ اور حال ہی میں اخبارات میں آیا تھا کہ ایم آر ڈی اور آزاد گروپ کا بھی وہاں شاید جلسہ ہوا تھا شاید یہ وہی مقام ہے۔ تو نہ کوئی کوڑا کرکٹ ہے اور نہ کوئی ایسی سکیم تھی اور نہ اس سے انحراف کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں نے بھی یہ جانتے ہوئے کہ یہ مقامی حکام کی بات ہے۔ چونکہ اس میں قائداعظم کا نام آتا تھا، اور قائداعظم کی یاد میں ایک چیز بنائی جا رہی تھی، اس لئے میں نے مرکزی حکومت کو اس جانب متوجہ کیا، مجھے یقین ہے کہ وزیر صاحب قائداعظم کی عظمت کے منافی وہاں کوئی اقدام نہیں ہونے دیں گے۔ اور وہاں یاد گار قائم کرنے میں میونسپل کمیٹی نے جو بھی عندیہ ظاہر کیا تھا، اسے مکمل کرائیں گے کیونکہ لوکل باڈیز کی منسٹری بھی ہے جو کہ مرکزی حکومت میں ہے اور وہ میونسپلٹی سے اس سلسلے میں بات کر سکتی ہے۔ بہر حال میں وزیر صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے زحمت کی، میں اس پر زیادہ اصرار نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: تو آپ اس پر اصرار نہیں کر رہے۔ اگلی تحریک التوا جناب محمد طارق چوہدری صاحب.......... نہیں ہیں.......... ابھی ابھی ایک اطلاع آئی ہے۔

That Mr. Muhammad Tariq Choudhary, Senator, rang up from Lahore to say that he is unable to attend the Senate session today, the 24th February, his adjournment motion and questions may please be postponed for 26th, Wednesday.

There is no application from Senator Tariq. And unless there is an application he cannot be absent from the House and if he cannot be absent from the House, then the question of postponing his adjournment motion does not arise. So, the motion lapses. Next one. This is also in his name. So, this also lapses.

Next one Qazi Hussain Ahmad Sahib No. 96.

---

## ADJOURNMENT MOTION: *RE* : TRAINING OF AFGHAN SOLDIERS IN INDIA

قاضی حسین احمد: میں ایک انتہائی اہم اور قومی اہمیت کے حامل مسئلہ پر فوری توجہ دلانے کے لئے تحریک التواء پیش کرتا ہوں۔ روزنامہ جنگ لاہور ۱۹ فروری میں خبر شائع ہوئی ہے کہ

"افغان فوجیوں کی بھارت میں تربیت" "ڈیرہ دون کے چکروتا بیس میں افغان فوجی وفد کی آمد" موجودہ حالات میں افغانستان پر قابض روس اور بھارت کے درمیان پاکستان اور افغان مجاہدین کے خلاف گٹھ جوڑ اور فوجی تربیت کے اس انکشاف کے بارے میں 'ایوان میں غور کیا جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ? Jinab Zain Noorani Sahib.

**Mr. Zain Noorani :** Sir, on teachnical grounds, it is opposed.

First of all, the item appeared on 19th February, in a newspaper and notice has been given on 22nd February. So, the honourable Senator himself did not avail of the provision of urgency. Secondly, from the notice itself, you will notice that it does not relate to one single incident but to at least two different incidents. One—Training of certain people belonging to Afghanistan in India ; and secondly—arrival of some sort of a Military Mission in India.

Thirdly—The Military Mission as mentioned in the notice of the adjournment motion, arrived in India sometimes in the third week of January. So, under no circumstances, it could have a reference in an adjournment motion which was made to it on the 22nd of February. However, it is a matter which the honourable Senator has very kindly brought to the notice of this House and if you permit me I could make a very short statement on it.

**Mr. Chairman :** Yes please.

**Mr. Zain Noorani :** The report on which the adjournment motion is based has not been confirmed or denied by the Government of India. However, there have been earlier reports concerning provision of assistance including military training by the Government of India to the Kabul regime. Clearly this cooperation and assistance by India to the Kabul regime is inconsistent with the spirit of the U.N. resolution on Afghanistan. The Government of Pakistan has, therefore, noted the report with concern and regret. As this agust

[Mr. Zain Noorani]

House is well aware, India is one of a small minority of countries which have not supported the U.N. resolution on Afghanistan. At the last session of the U.N. General Assembly, as in previous sessions, India once again abstained on the Afghanistant resolution. As Indian cooperation with the Kabul regime like the Indian stand on Afghanistan, is not a matter of recent occurence. In accordance with the rules this adjournment motion may be not be admitted. I thank you, Sir.

جناب چیئرمین: جناب قاضی حسین احمد صاحب۔

قاضی حسین احمد: جناب میں وزیر صاحب کی اس یقین دہانی پر کہ انہوں نے اس کی اہمیت کو محسوس بھی کیا، اور اس کو نوٹ بھی کیا اور اس میں جو خطرات مضمر ہیں ان کی طرف وہ متوجہ ہیں، اس پر اصرار نہیں کرتا۔

**Mr. Chairman :** Thanks. Not pressed.

Next—Janab Abdur Rahim Mir Dad Khel Sahib. On the recent clashes between two groups of Taxila Engineering University students.

---

## ADJOURNMENT MOTION; *RE* :CLASHES BETWEEN TWO GROUPS OF TAXILA ENGINEERING UNIVERSITY STUDENTS

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک التوا پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۲۱/فروری کے روزنامہ جنگ راولپنڈی میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ "ٹیکسلا یونیورسٹی کے طلبہ کے دو گروپوں میں تصادم اور فائرنگ سے دو طالب علم زخمی، پولیس نے گیارہ طلباء کو گرفتار کر کے اسٹین گن اور دوسرا اسلحہ بر آمد کر لیا" خبر کی تفصیلات میں مزید بتایا گیا ہے کہ ٹیکسلا انجینئرنگ یونیورسٹی میں فرسٹ ائیر کے طلباء کے اعزاز میں ایک گروپ کی طرف سے دیئے جانے والے استقبالیہ میں محفل موسیقی کے انعقاد کے مسئلہ پر یہ تصادم ہوا۔ معاملہ کی سنگینی کے پیش نظر اس مسئلہ پر ایوان میں بحث کی جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ? Janab Sartaj Aziz Sahib.

**Mr. Sartaj Aziz :** Sir, on behalf of the Interior Minister, I would like to point out that this is a matter which is essentially a law

and order matter, the concern of the provincial Government and, therefore, under 71 (f), it is not admissible. I would also like to point out that two FIRs have been registered in this case on 19th of February. Therefore, under 71 (l), the matter is subjudice and, therefore, it is not admissible for discussion. As far as the facts of the case are concerned, they have been reported in the newspapers and the matter will be decided only when the court case has been disposed of.

**Mr. Chairman :** Thank you. Mir Dad Khel please.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا! اس وقت انجینئرنگ یونیورسٹی ٹیکسلا میں طلباء کے اعزاز میں جو استقبالیہ دیا جارہا تھا' اس سلسلے میں طلباء نے باقاعدہ حکومت کو متنبہ کیا تھا کہ ایسی محفل موسیقی وہاں منعقد نہیں ہوسکتیں۔ یہ ملک چونکہ اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ہے اس میں خرافات اور غیر شرعی افعال نہیں ہوسکتے' آپ بے شک اور جو کچھ بھی کریں لیکن اس قسم کی لغویات اور واہیات باتیں نہیں ہوسکتیں۔ پولیس والوں نے ان کو آگاہ بھی کیا تھا اور انتظامیہ کو بھی آگاہ کیا تھا۔ پھر انتظامیہ نے یہ بتادیا تھا کہ ہم اس کی ممانعت کرتے ہیں اور ہم اس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتے اگر اس میں کوئی خرابی پیدا ہوئی اس کے ذمہ دار ہم نہیں ہیں۔ اس لئے اس کو پہلے سے بتادیا گیا تھا S.H.O. کو اور D.S.P. اور A.C. اور R.M.I. کو' سب کو پہلے سے بتادیا گیا تھا۔ اس صورت حال کے باوجود بھی یہ حالات پیش آئے ہیں تو یہ انتظامیہ کا قصور ہے اور اس کی ذرا باز پرس کرنی چاہئے' یہ بہت اہم اور فوری نوعیت کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین : واقعہ ضرور افسوسناک ہے لیکن جیسے وزیر محترم نے فرمایا کہ بالکل ہی پراونشل معاملہ ہے اور جس حکومت کو انہوں نے متنبہ کیا تھا وہ بھی پنجاب کی پراونشل گورنمنٹ ہے۔ تو اس ہاؤس اور فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

So, I will have to rule it out of order.

جناب مولانا کوثر نیازی صاحب نمبر ۱۰۱۔

---

## ADJOURMENT MOTION; *RE* : NON-AVAILABILITY OF MEDICINES TO PATIENTS IN ISLAMABAD HOSPITAL COMPLEX

مولانا کوثر نیازی : کل مجھ سے اسلام آباد کے شہریوں کا ایک وفد ملا اور اس میں شامل دو

[Maulana Kausar Niazi]

افراد نے ایک روز پیشتر اپنے ساتھ پیش آنے والے ایک واقعہ کے حوالے سے اسلام آباد کمپلکس ہسپتال کی جو حالت زار مجھے بتائی وہ اس قابل ہے کہ ایوان میں اس پر بحث کی جائے۔ وفد کے اراکین نے بتایا کہ ۶۵ کروڑ روپیہ کی لاگت سے تعمیر ہونے والے ہسپتال کی آوٹ ڈور patient ڈیپارٹمنٹ کی حیثیت ایک ڈسپنسری سے زیادہ نہیں' یہاں سے نہ مریضوں کو دوا ملتی ہے اور نہ ہی اچھا ڈاکٹری معائنہ۔ اسلام آباد کے شہریوں کی اس تکلیف پر غور کرنے کیلئے' میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک دیجائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ?

**Begum Afsar Raza Qizilbash:** Yes Mr. Chairman, with your permission, I would like to inform the honourable Senator that I oppose the motion as Islamabad hospital complex is not yet formally commissioning and declared open to public. For out-door patients the unit in the hospital named as General Medicines, General Surgery, Dental Surgery and Children Department are functioning on trial basis only. As far as the specific complaint is concerned that the patient do not get medicines is not correct. Every patient who attends the hospital, gets the medicines prescribed by the doctor who examines him. Adequate quantities of medicine are available in the hospital. With regard to the availability of good doctors for consultation, highly qualifed specialists and senior medical officers with many years of experience are available for consultation. However, as explained earlier, the hospital has not yet become fully operational and therefore, it is quite likely that the patients in question would have experienced some inconvinience. Thank you Sir.

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! بیگم افسر نے جو تفصیل بیان کی ہے اس کے پیش نظر میں ان سے یہ گزارش کروں گا کہ جو افراد اس سلسلے میں شکایت لے کر میرے پاس آئے تھے' میں ان کی خدمت میں انہیں بھیجونگا' مجھے امید ہے کہ وہ اس سلسلے میں انکوائری فرمائیں گی کہ ان کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا اور کیوں پیش آیا۔

جناب چیئرمین: جنابہ افسر رضا قزلباش صاحبہ۔

**Begum Afsar Raza Qizilbash:** Mr. Chairman, I have already mentioned that the Hospital Complex has not been declared open yet but if the honourable Member insists, I would definitely meet the people and give them the information. Thank you.

**Mr. Chairman :** So it is not being pressed.

ویسے بھی courtesy یہ تھی کہ پہلی دفعہ ایک لیڈی وزیر صاحبہ یہاں تشریف فرما ہیں۔۔۔۔۔۔

مولانا کوثر نیازی : اسی لئے سب خاموش ہیں۔

**Mr. Chairman :** This finishes the adjournment motions for today. We come to the next item on the Order Of The Day. Mr. Hasan A. Shaikh is to present his report *i.e.* the report of the Standing Committee.

---

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**Sardar Khizar Hayat Khan :** Point of order Sir, before the honourable Senator Mr. Hasan A. Shaikh presents his report, I want to submit that I am also a member of this committee, the draft of the report has not been presented to the committee and it will be a report of Mr. Hasan, Chairman, because no meeting has been held to finalize the report. Therefore, the report cannot be presented today.

**An honourable Member :** Sir, he was absent and the quorum was complete and the meeting was held. So, if he was absent, he should have come. We could not wait for him.

**Sardar Khizar Hayat Khan :** When was this meeting held ?

**Mr. Chairman :** I think if the meeting was held and duly called and it was attended and the quorum was complete.......*(interruption)*.

**Sardar Khizar Hayat Khan:** Sir, I was not given notice.........*(interruption)*.

قاضی حسین احمد : جناب یہ ترمیمی بل کے خلاف سازش ہے۔ یہ جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں نوٹس نہیں ملا تھا۔

**Mr. Chairman :** I think let Mr. Hasan A. Shaikh present the report. I think the point of order raised by Sardar Khizar Hayat has been adequately answered.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, I just submit that the Acting Chairman has just mentioned here that the day when the meeting was held, Sardar Khizar Hayat did not attend the meeting inspite of notice. Sir, it has been incorporated in the report that the final meeting of the committee was held on 11th February, 1986 which was attended by the senators the name of Sardar Khizar Hayat Khan is very much there amongst those members who attended the meeting.

**Sardar Khizar Hayat Khan :** I reiterate Sir, that no draft was presented in the meeting.

**Mr. Chairman :** I think the correct situation as I have been informed is that Sardar Khizar Hayat did arrive on that day but he did not attend the meeting and he signed the register of attendance after the meeting was practically over. So, I think that finishes that objection also.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** Sir, I beg to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, the Constitution (Nineth amendment) Bill, 1985.

**Mr. Chairman :** The report is laid. Well, I thing after two days notice again they would come up with a motion under Rule, 84 or 87 one of those rules, 83 rather.

قاضی حسین احمد: نہیں ان کو یہ رپورٹ یہاں پر submit کر دینا تھی اور اس کے بعد دو دن کا نوٹس دینا تھا۔

جناب چیئرمین : رپورٹ present ہو چکی ہے' دو دن کا وقفہ چاہئے' اس کے بعد اگر رولز آپ دیکھنا چاہتے ہیں' رول نمبر ۸۳ کے تحت پھر وہ موشن move کریں گے' دو دن گزرنے کے بعد پھر.................. (مداخلت)

قاضی حسین احمد : آج اگر دے رہے ہیں تو ٹھیک ہے۔

**Mr. Chairman :** Time for consideration of the bill.

دو دن اس کے لئے چاہئیں۔

## GENERAL DISCUSSION ON : THE C.I.Is. REPORT

**Mr. Chairman :** We come to the next item, further discussion on the following reports of the Council of Islamic Ideology, reports for the year 1978-79, 80-81, 81-82, 82-83, 83-84. So, the subject is open for discussion. We started this debate with the first major subject of عقائد and عبادات. We have heard three speakers already. Anybody else ? The three speakers already heard are Mr. Rahat Saeed Chhatari, Nawabzada Jahangir Shah and Shahzada Burhan-ud-Din Khan.

مولانا سمیع الحق : جناب میں صرف مختصر سا............................ (مداخلت)

جناب اقبال احمد خان : جناب مولانا صاحب detailed بات کیا کریں تا کہ ہمیں سمجھ آجائے۔

مولانا سمیع الحق : جناب میں نے ابھی بات کی ہی نہیں، بھائی سمجھ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے لیکن ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعھم وعلی ابصارھم۔

جناب چیئرمین : وہ کچھ کسر نفسی سے کام لے رہے ہیں۔ جناب ارشاد

مولانا سمیع الحق : میری گزارش یہ تھی کہ اگر اسی انداز پر بحث کرنے کی بجائے 'اقبال صاحب تو ویسے بھی کہہ رہے ہیں کہ ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا' اگر ہم موضوعات کے حساب سے کچھ کمیٹیاں بنا لیتے۔ ایوان کی پانچ چھ افراد کی کمیٹی بن جاتی۔ معاشیات کے بارے میں الگ، اصلاح معاشرہ کے بارے میں الگ، اس طریقے سے ہم ایک بہترین جامع رپورٹ لے لیتے اور ایوان کے سامنے ایک بہترین چیز آجاتی۔ یہ تو ایک طویل نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہو گا۔ اور اس طرح ہم اچھے نتیجے پر پہنچ بھی نہیں سکیں گے۔ بہر حال جو بھی آپ طے فرمالیں ہم اسی پر عمل کریں گے۔

جناب چیئرمین : بحث موضوعات کے حساب سے ہی شروع کی گئی ہے اور آپ جو تجویز پیش کر رہے ہیں، اس پر بھی ہم نے غور کیا تھا لیکن اس میں ایک خرابی یہ ہے کہ کمیٹیاں پہلے وقت لیں گی اور پھر ان کی رپورٹ اس ہاؤس میں آئے گی اور پھر اس پر بھی وہی بحث ہو گی جو آج آپ کر رہے ہیں۔ تو آپ بسم اللہ کریں۔

مولانا سمیع الحق : میں صرف عبادات کے ضمن میں نظام صلوٰۃ کے بارے میں مختصراً عرض کروں گا۔

جناب چیئرمین : جو سفارشات انہوں نے اس موضوع پر دی ہیں۔ اگر آپ ان پر بولیں تو بہتر ہو گا۔

مولانا سمیع الحق : اسی سلسلے میں جو اہم ترین عبادت ہے۔ صلوٰۃ جسے عماد الدین کہا گیا ہے جو دین کا ستون ہے۔ اس کے بارے میں عرض کروں گا کہ الحمد للہ کچھ تو ہم نے اس سلسلے میں اعلانات کئے ہیں اور نظام صلوٰۃ کا ایک سلسلہ بھی قائم ہوا۔ لیکن آگے اس کے کوئی بہتر نتائج سامنے نہیں آسکے۔ اس کے لئے کچھ موثر اقدامات تجویز کئے جائیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد یہ ہے

[Maulana Sami-ul-Haq]

یہ ہے کہ جن لوگوں کو میں زمین میں تمکنت دے دیتا ہوں' ان کا سب سے پہلا فریضہ یہ ہے الذین ان مکنہم فی الارض اقامو الصلوٰۃ واتوا الزکواۃ۔ تو ایتاء زکواۃ سے بھی پہلے حکم نماز کا ہے۔ اب نظام زکواۃ کو تو کچھ عملی شکل ہم نے دے دی ہے۔ تو اس کی کچھ صورتوں کے مناسب نہ ہونے کے باوجود بھی اسے حکومت اپنے وسیع اختیارات کے ذریعے قائم کر چکی ہے۔ خواہ اس پر کچھ لوگ خوش ہیں یا ناخوش ہیں لیکن جو سب سے اہم چیز ہے نظام صلوٰۃ اس کے بارے میں کونسل کی طرف سے مختلف مراحل پر کئی تجاویز اب تک سامنے آچکی ہیں ان پر بھی عملاً توجہ دینی چاہیئے ناظمین صلوٰۃ کا ایک نظام قائم کیا گیا تھا اس پر اخبارات اور کمیٹیوں کی حد تک تو باتیں ہو گئیں لیکن اس پر کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ میں آج صرف اتنا عرض کروں گا کہ نظام صلوٰۃ پر بھرپور توجہ دی جائے۔ اور اس کے لئے حکومت کچھ ایسی صورتیں اختیار کرے کہ اس کے مثبت نتائج سامنے آسکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: کوئی اور صاحب' اتنا میں عرض کر دوں کہ جو موضوع ہم نے لیا ہوا ہے اس میں کئی اور بھی سفارشات ہیں۔ اگر آپ حضرات ان کی طرف بھی کچھ توجہ دیں تو ہم مناسب پیش رفت کر سکیں گے۔ مثلاً یہ ایک دعوت و تبلیغ کے ضمن میں ہے کہ حکومت پاکستان میں دینی اور دیگر اہم پروگراموں کے ٹیپ شدہ تبادلے کا اہتمام اور احترام آیات قرآنی اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم' کرنسی نوٹوں پر تصاویر کا مسئلہ۔ کچھ ایسی سفارشات ہیں جن کے متعلق کچھ مختلف رائے ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ ان پر اظہار خیال کریں تو بہتر ہو گا۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! ۷۹ - ۱۹۷۸ء کا جائزہ پیش نہیں کیا گیا وہ میرے پاس تو ۷۹ - ۱۹۷۸ء کا بھی ہے اور باقی بھی ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: ۸۴ - ۱۹۸۳ء کا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ۸۴ - ۱۹۸۳ء کا میرے پاس بھی نہیں ہے۔ وہ دیا ہی نہیں لیکن باقی دئے ہیں۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب والا! اس وقت ہم نظریاتی کونسل کی پانچ رپورٹوں پر گفتگو کر رہے ہیں اور اپنی گفتگو کو صرف دو موضوعات تک محدود کر رہے ہیں۔ یعنی عقائد اور عبادات۔ میں آپ کی اجازت سے سب سے پہلے تو یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے' اگر ہم اس کی تمام رپورٹوں کا بنظر غائر مطالعہ کریں اور

بحیثیت مجموعی ان کو زیر بحث لائیں، ایک بڑے مربوط انداز میں ملک کے مسائل کا جائزہ لیا۔ اور زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں مثبت سفارشات پیش کی ہیں کہ ان کی اسلامی تشکیل کیوں کر ہو سکتی ہے۔ اس پہلو سے میں ان کے پورے کام سے بے حد متاثر ہوں۔ ہر بات سے بہر حال اتفاق ممکن نہیں ہے جیسا کہ میں ابھی عرض کروں گا۔ بہت سے پہلو ایسے ہیں جن کے بارے میں غور و فکر، بحث اور تحقیق کی ضرورت ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی ان کا کام بڑا مفید، بڑا مئوثر اور قابل فخر ہے اس کا ہم سب کو اعتراف کرنا چاہئے۔ ان کو ہم مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

جس خاص پہلو پر ہم اس وقت گفتگو کر رہے ہیں۔ اس کے بارے میں میرا اندازہ یہ ہے کہ غالباً ابھی تک اس کا حق ادا نہیں ہو سکا۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ پہلے میں آپ کے سامنے یہ بات رکھوں کہ اب تک عقائد اور عبادات کے سلسلے میں کیا چیز ہے جو کونسل سامنے لائی ہے۔ فی الحقیقت اس میدان میں کام کرنے کی ضرورت کیا ہے۔ ۷۸ - ۱۹۷۷ء کی رپورٹ کا اگر آپ جائزہ لیں تو آپ دیکھیں گے کہ اس میں ۱۳ سفارشات ایسی ہیں جن کا تعلق عقائد اور عبادات سے ہے۔ تین سفارشات ان میں سے اسی کیٹگیری میں آتی ہیں جن میں قرآن پاک کی آیات کا احترام، کرنسی نوٹوں پر تصویر کا مسئلہ اور بیت اللہ شریف میں جو واقعہ ہوا تھا اس کے بارے میں جذبات کا اظہار ہے۔ ۸۱ - ۱۹۸۰ء میں کوئی سفارش اس بات کے مطابق نہیں ملتی۔ ۸۲ - ۱۹۸۱ء میں دس مسائل سے تعرض کیا گیا ہے۔ جن میں سے تین کا تعلق ان فرقوں سے ہے جو کسی نہ کسی طرح مسلمان سوسائٹی کو (exploit) ایکس پلائٹ کر رہے ہیں لیکن ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اس کے بعد تبدیلی مذہب کا مسئلہ، حج، پی آئی اے میں اوقات نماز، قرآن پاک کے تراجم۔ یہ مسائل ہیں کہ جن پر گفتگو کی گئی ہے۔ ۸۳ - ۱۹۸۲ء میں ہمیں ان موضوعات کے بارے میں کوئی چیز نہیں ملتی۔ ۸۴ - ۱۹۸۳ء میں جن نئے موضاعات کو لیا گیا ہے اور ران میں بڑی اہم چند عبارتیں آئی ہیں خصوصیت سے ٹی وی کے سلسلے میں، نماز کیلئے جس پاکیزگی اور طہارت کی ضرورت ہے وہ کہاں تک ہمارا انظام فراہم کر رہا ہے۔ سرکاری ملازمین اور نماز کا کیا تعلق ہے، طلباء کے سلسلے میں کیا کیا جا سکتا ہے، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کے لئے کیا سزا ہونی چاہئے۔

[Prof. Khurshid Ahmad]

اور فوجی اعزاز کے ساتھ جن لوگوں کو دفن کیا جاتا ہے اس کے بارے میں صحیح اسلامی پوزیشن کیا ہے۔ یہ موضوعات ہیں جو ان پانچ چھ رپورٹوں میں آئے ہیں۔

جناب والا! جب ہم ان رپورٹوں کا جائزہ لیتے ہیں جو اس سلسلے میں ہمیں حکومت کی کارکردگی کے بارے میں پیش کی گئی ہیں۔ تو جیسا کہ میں نے عرض کیا میرے پاس ۸۴ - ۱۹۸۳ء کی رپورٹ نہیں ہے اور میں نہیں جانتا کہ اس بارے میں اہم سفارشات جو کونسل نے پیش کی ہیں ان پر حکومت نے کیا عملدر آمد کیا ہے۔ لیکن باقیوں کے بارے میں یہ محسوس ہوتا ہے کہ ۷۸ - ۱۹۷۷ء میں by and large کوشش کی گئی ہے کہ جو باتیں کہی گئی ہیں ان کو تسلیم کر لیا جائے البتہ مجھے بہت تشویش ہے کہ زکواۃ و عشر کے بارے میں جو اسلامی نظریاتی کونسل نے سفارشات پیش کی تھیں اس کو پورے طریقے سے آج تک بھی ہم نے adopt نہیں کیا ہے لیکن میں اس پر اپنے خیالات کے اظہار کو اس وقت تک ملتوی کرونگا جب ہم معاشیات پر بات کریں گے۔

۸۲ - ۱۹۸۱ء کے عمل کا جو جائزہ ہے اس میں ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ تبدیلی مذہب کے سلسلے میں جس قانون کا مسودہ دیا گیا تھا اس پر عمل نہیں ہوا اور نہ ہمارے سامنے کوئی وجہ آئی ہے کہ آخر اس پر کیوں قانون سازی نہیں ہوئی۔ قرآن پاک کے غلط تراجم کے سلسلے میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ جو رپورٹ دی گئی ہے وہ سخت ناکافی ہے بلاشبہ قادیانیوں کے ایک یا دو تراجم کو ممنوع قرار دے دیا گیا ہے لیکن کونسل کی رپورٹ کی سفارش اس سے کہیں زیادہ وسیع تھی اور وہ ان تمام تراجم کے بارے میں تھی جو غیر مسلموں نے کئے ہیں جو تحریف پر مبنی ہیں یا قرآن پاک کے معنوں کو جو انہوں نے مسخ کیا ہے اور وہ ہمارے ملک میں اب بھی دستیاب ہیں۔ چاہے وہ یہاں چھپے ہوں۔ یا نہ چھپے ہوں تو کونسل کی سفارش کا دائرہ کار بہت وسیع تھا لیکن عمل در آمد کی جو رپورٹ ہے وہ بہت مختصر ہے اس کے صرف ایک پہلو پر ہے۔

اس کے بعد جناب والا! میں آپ کی توجہ ۷۹ - ۱۹۷۸ء کی رپورٹ کی طرف مبذول کراؤنگا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں جو بات حکومت نے پیش کی ہے وہ بڑی سہل انگاری پر مبنی ہے دعوت و تبلیغ کے بارے میں چاہے وہ ایک فرد کے تاثرات ہوں یا پوری کونسل کے تاثرات ہوں جب کونسل نے اپنی رپورٹ میں ان کو پیش کیا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ کونسل اس کو ایک اہم مسئلہ سمجھتی ہے اور حکومت کو اس پر عمل کرنا چاہئے اور اس بات میں کونسل نے تین

باتیں پیش کی تھیں پہلی چیز یہ تھی کہ جو قوانین یہاں نافذ کئے گئے ہیں جو اصلاحات یہاں کی گئیں ہیں تمام دنیا میں ان کے بارے میں صحیح معلومات موجود نہیں ہیں بلکہ مخالف اسلام قوتیں ان کو بدنام کرنے کے لئے پاکستان کو' اسلام کو استعمال کر رہی ہیں۔ اس لئے آپ کی کوشش ہونی چاہئے کہ اپنے نظام کو اپنی کوششوں کو' اپنے کام کو پروجیکٹ کرنے کے لئے آپ ایک مثبت مہم ساری دنیا میں چلائیں' اس کا جواب آپ نے یہ دیا ہے کہ جب سفارت خانے ہم سے کوئی سوال کرتے ہیں تو ہم ان کو اس بارے میں ان قوانین سے متعلق معلومات دے دیتے ہیں' یہ اس مسئلے کا ہرگز جواب نہیں ہے جو کہ کونسل نے اٹھایا تھا دوسری چیز دعوت و تبلیغ کے بارے میں یہ کہی گئی ہے کہ جو کچھ یہاں کیا گیا ہے جو چیزیں تیار کی گئی ہیں ان کا تبادلہ دنیا کے دوسرے ممالک سے کیا جائے تاکہ مسلم ممالک کے ساتھ تعاون بھی ہو بہتر فضا بنے ایک دوسرے کے لئے ہم مددگار و معاون ثابت ہوں اور یہ ایک بڑی مثبت تجویز تھی اور اس پر بڑی آسانی سے بھی عمل کیا جاسکتا تھا لیکن اس بارے میں عمل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔

جناب والا! اس کے بعد یہ دیکھئے کہ دینی پروگرام اور جو اہم پروگرام پاکستان میں تیار کئے جارہے ہیں ان کے ٹیپس' ان کے کیسٹس باہر فراہم کئے جائیں پاکستانیوں کو فراہم کئے جائیں دوسرے ممالک کے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پروگراموں میں ان کا exchange کیا جائے یہ ایک بڑی اہم تجویز تھی لیکن ہمارے سامنے لکھ دیا گیا کہ غیر نافذ ہے آیا نافذ کرنے کے قابل نہیں ہے یا آپ اسکو غلط سمجھتے ہیں یہ کام نہیں کرنا چاہتے' حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس بات کی وضاحت کرے کہ اگر کسی چیز میں مشکلات ہیں تو ان کی نشاندہی کیجئے اگر کوئی مطالبہ غلط ہے تو دلائل لایئے اس کی تردید کیجئے لیکن محض یہ کہہ دینا کافی نہیں کہ غیر نافذ ہے' اور اس غیر نافذ پر بھی سات سال گزر چکے ہیں۔

جناب والا! اسی طریقے سے احترام آیات کے بارے میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ جو بات کونسل نے کہی تھی اس کا جواب وہ نہیں ہے جو یہاں دیا گیا ہے۔ کہ ہم نے dust bin ایسے رکھ دیئے ہیں کہ ان کی اگر بے حرمتی کا خدشہ ہو تو یہ آیات وہاں ڈالی جاسکتی ہیں تحریف بڑا مرکزی مسئلہ ہے اور محض ترجمے سے تحریف نہیں ہو جاتی بلاشبہ قرآن صرف عربی زبان میں ہے' وہی اس کی اصل ہے' اور ہمیشہ وہی رہے گی لیکن اخبارات کے اندر رسائل کے اندر اگر قرآن پاک کی آیات کا صحیح ترجمہ دیا جائے تو اس سے قطعاً بے حرمتی نہیں ہوتی اور کونسل نے

[Prof. Khurshid Ahmad]

ان ساری باتوں کو سامنے رکھ کر کہ یہ تجویز دی تھی لیکن حکومت نے اس کو قبول نہیں کیا اور اس بارے میں اس نے کوئی واضح پوزیشن بھی نہیں بتائی۔

اسی طرح سے کرنسی نوٹوں کا مسئلہ ہے کونسل نے شرعی دلائل کی بنیاد پر یہ بات کہی تھی اور صرف شرعی دلائل پر ہی نہیں بلکہ اس بات کا بھی اظہار کیا تھا کہ خود قائد اعظم کی بھی یہ خواہش تھی کہ ان کی تصویر نوٹوں پر استعمال نہ کی جائے۔ لیکن کونسل نے اس کا جواب صرف یہ دیا ہے کہ نوٹ چھپوانے سے تحفظ کی خاطر اور دنیا کے رواج کے مطابق اس کو قابل عمل نہیں سمجھا گیا میں پہلا اصولی سوال یہ اٹھانا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی بات قرآن و سنت کی بنیاد پر آپ کے سامنے لائی جاتی ہے تو آپ کو یہ کہنے کا حق ہے کہ شریعت کا یہ منشاء نہیں ہے۔ ہمارے پاس اس کے متبادل ذرائع یہ ہیں لیکن یہ کہنا کہ ٹھیک ہے کہ قرآن و سنت کا یہ مطالبہ سہی شریعت کا تقاضا یہ سہی، لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ دنیا کا رواج یہ نہیں ہے' یہ دراصل وہ ذہن ہے جس کو ختم کرنے کے لئے اسلام آیا ہے اس لئے کہ اسلام کی تعریف بھی یہ ہے کہ جو اپنے نفس کو اس ہدایت کے تابع کر دے جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فراہم کی ہے' اگر یہ ذہن نہیں بنا تو حقیقت یہ ہے کہ ہم ایک مسلمان کے حیثیت سے نہ اپنی زندگی گزار سکتے ہیں نہ اپنے معاملات کو طے کر سکتے ہیں۔

اللہ کی حاکمیت ماننے کے معنی ہی یہ ہیں کہ ہم قرآن اور سنت کی بالادستی تسلیم کریں آپ اس کا کوئی جواب قرآن و سنت سے نہیں دیتے ہیں اور محض یہ بات کہہ دیتے ہیں کہ زمانے کا چلن اس کے خلاف ہے جناب والا! میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ اسلام تو زمانے کے چلن کو تبدیل کرنے کے لئے آیا ہے زمانے کے چلن کے مطابق چلنے کے لئے نہیں آیا ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جو انقلاب برپا کیا وہ انقلاب زمانے کو بدلنے والا انقلاب تھا آپؐ نے اپنے سے پہلے کے دور کو جاہلیت کا دور قرار دیا اور اس کے مقابلے میں اسلام کے دور کا آغاز ہوا تو دراصل بت یہاں بیٹھا ہوا ہے ہم دراصل اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے احکام کو ماننے کے لئے تیار نہیں اور ہم اس بات کی کوشش بھی نہیں کرتے کہ اگر ہمیں اس میں کسی دلیل کی بنیاد پر عدم اطمینان ہے تو پھر بحث کریں، گفتگو کریں حقیقت کو معلوم کرنے کی کوشش کریں یہاں پر دو دلائل دیئے گئے ہیں، جناب والا! میرے خیال میں اگر وزارت خزانہ نے یہ بات کہی ہے تو مجھے اس میں بڑا شبہ ہے اس لئے کہ مجھے یقین نہیں آتا کہ فی الحقیقت

وزارت خزانہ نے یہ دلیل دی ہو گی اس لئے کہ حفاظت کے لئے ایک نہیں پچاس انتظامات کرنسی نوٹوں میں کئے جاتے ہیں جس میں اس کا کاغذ اس کے کاغذ کے اندر مخفی تار اس کے بعد پرنٹنگ، پرنٹنگ ڈیزائن اور اس کے اندر بھی بیسوں چیزیں ہیں جن کی بناء پر یہ مشکلات پیدا کی جاتی ہیں کہ ان کو کاپی نہ کیا جا سکے محض اس کے لئے تصویر کوئی ذریعہ مشکل نہیں ہے اگر تصویر من جملہ دیگر ذرائع کے ایک ذریعہ ہے۔ تصویر کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ انسان کی ہی ہو وہ عمارات کی بھی ہو سکتی ہے وہ تاریخی عمارت کی بھی ہو سکتی ہے وہ تاریخی مقامات کی بھی ہو سکتی ہے اس سے ہرگز یہ بات لازم نہیں آتی کہ انسان کی تصویر ضروری ہے۔ اس کے بغیر حفاظت نہیں کی جا سکتی۔

دوسری بات کہی گئی ہے زمانے کا چلن۔ جناب والا! زمانے کے چلن کی بات تو میں بعد میں کرونگا آپ خود پاکستان کے چلن کو دیکھ لیجئے کہ پاکستان بننے کے بعد کتنے عرصہ تک کسی انسانی تصویر کے بغیر خود ہمارے ہاں نوٹ چلتے رہے وہ ایک درخشاں مثال پاکستان نے قائم کی تھی اس پر عمل ہو رہا تھا ان کرنسی نوٹوں کی قیمت کوئی کم نہیں تھی ان میں سیفٹی کچھ کم نہیں تھی اور دنیا کی کئی نمائشوں میں ان پر بڑا خراج تحسین پیش کیا گیا ان کو بڑا خوبصورت اور مئوثر قرار دیا گیا اور پھر اس معاملے میں پاکستان تنہا نہیں ہے مسلمان ملکوں کو چھوڑ بھی دیجئے میں آپ کے سامنے غیر ممالک کے ایک نہیں بیسوں نوٹ ایسے آپ کو پیش کر سکتا ہوں کہ جن میں کسی انسان کی تصویر نہیں ہے، لیکن وہ خوبصورت بھی ہیں' وہ اس ملک کی نمائندگی بھی کرتے ہیں اور ان کے اندر وہ سیکورٹی اور سیفٹی کا عنصر بھی موجود ہے جو کسی ملک کے کرنسی نوٹوں کے اندر لازمی ہونا چاہئے۔

جناب والا! اس دلیل کے بارے میں تو صرف اتنی بات کہوں گا لیکن میرا اصل ہدف' میرا اصل اعتراض ان دلائل پر نہیں ہے اگر پچاس دوسرے دلائل بھی لے آئیں تو کیا ہم تبدیلی پر غور کرنے کو بھی تیار ہیں اور ان کا جواب دینے کیلئے بھی تیار ہیں۔ اصل چیز یہ ذہن ہے کہ جب آپ سے خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی بنیاد پر کوئی مطالبہ کیا جاتا ہے اور آپ جواب اس کا یہ لاتے ہیں کہ یہ زمانے کے چلن کے خلاف ہے یہ دراصل اصل مرض ہے جس کی اصلاح کی ضرورت ہے۔ جناب والا! میرے پاس چونکہ ۸۳۔ ۱۹۸۴ء کی رپورٹ پر حکومت کی طرف سے کوئی سفارشات موجود نہیں ہیں کہ اس پر عمل کیا ہے یا نہیں لیکن میں

[Prof. Khurshid Ahmad]

سمجھتا ہوں کہ اس میں چند بڑے اہم موضوعات اٹھائے گئے ہیں جن میں ایک چیز ٹیلی ویژن پر اذان کا مسئلہ بھی ہے اس ایوان میں بھی اس سے پہلے اس پر بحث ہوئی ہے۔ ہم سب اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ کراچی میں آپ لاہور کی اذان سنواتے ہیں اور اسلام آباد میں آپ پشاور کی اذان سنواتے ہیں' یہ آخر کیا قصہ ہے دنیا کے جن مسلمان ملکوں میں ٹیلی ویژن پر اذان سنوائی جا رہی ہے وہاں صرف یہی نہیں ہوتا کہ اذان کا ٹیپ سنا دیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے بھی اپنی رپورٹ میں یہ بات کہی ہے کہ اذان کا ٹیپ اذان نہیں ہے۔ اور یہ بات بالکل عقل اور دل کو اپیل کرتی ہے اس لئے کہ آپ جس وقت چاہیں اذان کا ٹیپ سن لیں لیکن وہ اذان نہیں ہو جاتی اذان تو نام ہے اس بات کا کہ اب فلاں متعین نماز کا وقت ہو گیا ہے اور اس نماز کے لئے تم کو بلا رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ مصر میں آپ دیکھ لیں' اردن میں آپ دیکھ لیں سعودی عرب میں آپ دیکھ لیں کویت میں آپ دیکھ لیں ان چار مقامات پر میں نے خود ٹیلی ویژن پر یہ دیکھا ہے کہ وہ اذان لائیو براڈ کاسٹ کرتے ہیں اور اسی شہر کی مسجد سے براڈ کاسٹ کرتے ہیں اور یہی اس کا دراصل صحیح طریقہ ہے اور یہی طریقہ اسلامی نظریاتی کونسل نے تجویز کیا ہے لیکن ہمیں آج تک اس طریقے کی افادیت کو سمجھنے کی نوبت ہی نہیں آئی ہے پھر ساتھ ہی اسلامی نظریاتی کونسل نے یہ بات کہی ہے کہ اذان کے بعد آپ کو وقفہ دینا چاہئے اور یہ ایک اسلامی معاشرہ کے جو شعائر ہیں جو اس کی خصوصیات ہیں ان میں سے ایک ہے۔ ایک طرف آپ نے اذان دی ہے اور اس کے بعد آپ نے ایک گانا لگا دیا' گویا کہ آپ نے ناظرین کو نماز سے ہٹا دیا اگر ہم اس وقت کے لئے تھوڑا سا وقفہ دے دیتے تو اس سے کوئی قیامت نہیں آ جائے گی' یہ ہمارے اپنے شعائر ہیں' ہمیں ان کا احترام کرنا چاہئے۔

اسی طریقے سے آئیڈیالوجی کونسل نے یہ سوال بھی اٹھایا ہے کہ ٹی وی کے پروگرام رات کو کتنی دیر تک چلیں۔ جناب والا! شاید آپ کے علم میں یہ بات ہوگی خود یورپ اور امریکہ میں بھی اس پر بحث ہو رہی ہے۔ جن ممالک میں ۲۴ گھنٹے ٹی وی چلتے ہیں اور بالکل کمرشل بنیادوں پر چلتے ہیں' وہاں بھی یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے اس کے اثرات لوگوں کی صحت پر کیا پڑ رہے ہیں۔ خصوصیت سے بچوں پر' ان کے سکول جانے پر عام ورکر کے ورکنگ آورز کے اوپر' بلاشبہ آپ کہہ سکتے ہیں کہ آپ ٹی وی کو بند کر دیجئے۔ اس سے میں یہ فائدہ اٹھاتا ہوں۔ آپ ایسے اوقات میں ٹی وی کے پروگرام فراہم ہی کیوں کرتے ہیں' اگر سب نہیں تو اس میں

سے ایک طبقہ مجبور ہو کہ وہ دیر تک جاگے، آپ اس کے timings ایسے رکھئے جس میں سونے کے اوقات، کام کے اوقات اور صبح fresh اٹھنے کا اہتمام ہو، ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ ہم پر نماز فجر بھی فرض ہے اس کے لئے بھی اٹھنا ایک مسلم معاشرے کی روایت ہے آپ کے پروگرام رات کے ایسے ہونے چاہیں کہ لوگ آسانی سے صبح کو اٹھ سکیں اس کے بعد ساڑھے آٹھ بجے اپنے office hours شروع کرتے ہیں لیکن اگر رات کو بارہ بجے تک آپ پروگرام چلاتے ہیں، ساڑھے گیارہ بجے تک پروگرام چلاتے ہیں، تو اس کے بعد آپ دیکھئے کہ جو (naturally) راحت کے لئے، آرام کے لئے جتنا وقت درکار ہے وہ آپ دے رہے ہیں؟ ان تمام چیزوں میں اگر آپ مغرب کی اندھی تقلید کرتے ہیں تو یہ کوئی مناسب اور اچھی چیز نہیں ہے، کوئی خدمت نہیں ہے اپنے حالات کو دیکھ کر کام کیجئے۔ اسلامی آئیڈیالوجی کونسل نے کہا ہے جمعہ کا احترام کیجئے۔ اور جمعہ کو خاص طور پر میٹنی شو بند کیا جائے۔ وہ آپ نے بند کر دیا، بہت اچھا کیا، لیکن کبھی ہم نے یہ بھی سوچا کہ سارے ہمارے کرکٹ کے میچ جمعہ کو شروع ہوتے ہیں، ہم اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ جس دن لوگوں نے پوری قوم کے ساتھ مل کر جمعہ کی نماز کا اہتمام کرنا ہے اس کے کچھ تقاضے ہیں ان کو پورا کیا جائے۔ مجھے پتہ ہے کہ یہودیوں نے بھی جن کی کوئی مذہبی زندگی نہیں ہے سبت کا احترام کرنے کی روایت قائم کی ہے لیکن مسلمانوں کا عالم یہ ہے کہ پاکستانی ٹیم انگلستان میں عید کے دن بھی کھیلی ہے اس لئے کہ یہ بات کہتے ہوئے ہمیں شرم آتی تھی، جو آپ نے اپنا پانچ دن کا پروگرام بنایا ہے اس میں آپ یہ adjustment کیجئے ایک مسلمان قوم کی حیثیت سے ہمیں سوچنا چاہئے یہ کوئی شرم کی بات نہیں اپنے اصول پر قائم رہنا، خود اپنے ملک میں بھی اپنے معاملات کو اس کے مطابق استوار کرنا اور ڈھالنا اور جب آپ دوسرے ممالک میں جائیں تو وہاں بھی جا کر اپنے طریقے پر قائم رہنا، یہی دراصل ایک مسلمان کو زیب دیتا ہے اور ہمیں اس کا اہتمام کرنا چاہئے۔

جناب والا! اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے اس سوال کو بھی اٹھایا ہے کہ مسلمانوں کے لئے طہارت، پاکیزگی کی کیا اہمیت ہے صرف نماز ہی کے لئے نہیں، بلکہ حضور اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے کہ 'صفائی نصف ایمان ہے'۔ صفائی کے کچھ تقاضے ہیں چنانچہ ہمارا ٹائلٹ سسٹم کیسا ہونا چاہئے کہاں کہاں سہولتیں ہونی چاہیں اس کی طرف ہم نے کوئی توجہ نہیں دی، آپ کی نئی عمارات جتنی بنیں ان میں آپ نے یہ assume کیا ہے کہ ضروریات سے

[Prof. Khurshid Ahmad]

فارغ ہونے کے لئے مسلمانوں کا طریقہ بھی وہی ہے جو یورپ کے لوگوں کا طریقہ رہا ہے۔ مجھے اس موقع پر ایک حدیث یاد آرہی ہے، کچھ یہودیوں نے مسلمانوں پر طنز کی، اور یہ کہا کہ تمہارا نبی بھی کیا انسان ہے کیسا نبی ہے جو تمہیں یہ بتاتا ہے کہ استنجا کیسے کرو۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اس طرح مسلمان شرما جائیں گے۔ جھینپ جائیں گے لیکن جن صحابیؓ سے انہوں نے یہ بات کہی تھی اس نے کہا کہ ہاں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ پاکیزگی کس طرح حاصل ہوتی ہے اور ہمیں اس کے اوپر فخر ہے اور خدا گواہ ہے کہ آج بیسویں صدی میں بھی انسان کو یہ معلوم نہیں کہ صفائی کسے کہتے ہیں، ہاتھ کس طرح دھوتے ہیں، منہ کس طرح دھوتے ہیں، جس طرح واش بیسن میں پانی بند کر لیجئے اور اس کے بعد اسی سے منہ دھو لیجئے، اور گندہ پانی بھی اسی میں جاتا ہے اور پھر اسی کو منہ پر لگا لیجئے۔ باتھ ٹب کے اندر پانی بھر لیجئے۔ غلاظت سمیت اس میں داخل ہو جائیے یعنی یہ ہے وہ غیر مہذب دنیا، جسے ہم اپنے لئے مثال سمجھتے ہیں، ہمیں ان چیزوں کے اوپر ہرگز ہرگز compromise نہیں کرنا چاہئے آپ کی جو بلڈنگیں بن رہی ہیں، وہاں آپ نے کموڈ وہ لگائے ہیں جو ہمارے آدمی استعمال نہیں کرتے، اپنے جہازوں میں آپ نے اس بات کا اہتمام نہیں کیا کہ مسافر اپنی ضروریات سے صحیح طریقے سے فارغ ہو سکیں، آخر کیا وجہ ہے کہ پی آئی اے میں جب آپ لمبا سفر کرتے ہیں تو ایک گھنٹے کے بعد ٹائلٹ قابل استعمال نہیں رہتا، اس لئے کہ آپ کے لوگ جن چیزوں کے عادی ہیں، جس چیز سے واقف ہیں جو ان کے تمدن سے مطابقت رکھتی ہے وہ آپ نے ان کو دی نہیں، اور فرض کیجئے جو چیز آپ دے رہے تھے اس کی بھی تعلیم پہلے دیتے، برٹش ایئرویز میں آپ سفر کریں تو پاکستانی مسافروں کے لئے وہ خاص معلومات فراہم کرتے ہیں کہ ٹائلٹ کیسے استعمال کیجئے، لیکن پی آئی اے کو کبھی یہ توفیق نہیں ہوئی کہ وہ ایک ویڈیو ایسا بنا لے جس وقت آپ جہاز کے اڑنے کا انتظار کر رہے ہیں آپ اپنے مسافروں کو بتلا دیں آپ کے جہاز پر یہ سہولتیں موجود ہیں، انہیں آپ اس طرح استعمال کریں، اس طرح آپ بھی فائدہ اٹھائیں گے اور دوسروں کے لئے بھی آپ مشکل پیدا نہیں کریں گے۔

جناب والا! اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے ان تمام باریکیوں میں بھی جا کر متوجہ کیا، اس کے لئے کہاں کہاں تبدیلی برقرار ہے لیکن حکومت کا رد عمل اس بارے میں ہمارے سامنے نہیں آیا میں اس بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں، مجھے دراصل خود زندگی میں پہلی مرتبہ اس کے

دیکھنے کا اتفاق ہوا، جب میرے بھائی کا پچھلے سال انتقال ہوا پتہ چلا کہ فوجی اعزاز سے کس طرح دفن کیا جاتا ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ میرے لئے وہ لمحہ بڑا سوہان روح تھا، ایک طرف میں اپنے بھائی کو قبر میں اتار رہا تھا، اور دوسری طرف باجا بج رہا تھا، گولیاں چلائی جا رہی تھیں، تدفین کے موقع پر بگل بجانا، میت کے ساتھ، گولیاں چلانا، یہ مسلمانوں کا شعار کبھی بھی نہیں رہا، کیا ہمارے ہاں بڑے بڑے فوجی جرنیل نہیں ہوئے، کیا مسلمانوں نے داد شجاعت نہیں دی، لیکن ہمارے جرنیل ہمارے کمانڈر، اعزاز کے ساتھ ان کی بھی تدفین ہوئی ہے اسلام نے تو یہاں تک کیا ہے کہ شہید کے خون کے جو کپڑے ہیں ان میں دفن کر دینا اس کا اعزاز ہے لیکن ہم نے مغرب کی اتباع میں (colonial) روایات کے اتباع میں وہی طریقے اختیار کئے ہیں اور آج بھی ہم وہی کرتے چلے جا رہے ہیں، ایک طرف میت قبر میں اتاری جا رہی ہوتی ہے اور دوسری طرف گولیاں چلائی جاتی ہیں اور بگل بجائے جاتے ہیں۔

اسلام کی روایات سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے ان چیزوں کے اوپر شدید اعتراض کیا ہے لیکن ہمیں علم نہیں ہے کہ حکومت نے اپنی پالیسی بدلنے کے بارے میں سوچا بھی یا نہیں؟ جہاں تک عمل کا تعلق ہے میں کم از کم اس میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھ رہا۔

جناب والا! اتنی گزارشات میں نے ان رپورٹوں کے بارے میں کی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ چار میدانوں میں رپورٹ نے عقائد، اور عبادات کے سلسلے میں بڑی مفید خدمات انجام دی ہیں، پہلا عقیدے کا تحفظ اور اس سلسلے میں عقیدے سے باغی جو گروہ ہے ان کی صحیح پوزیشن کیا ہے؟ اس کی نشاندہی کی ہے نیز ارتداد کی سزا، دوسری چیز اسلامی فکر، اسلامی دعوت، اسلامی شعائر پر قائم رہنا، اور ان سے دنیا کو روشناس کرانا۔ تیسری چیز عبادات کا نظام جس میں بنیادی اہمیت انہوں نے نماز کو دی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ باقی عبادات، روزہ، حج، زکوٰۃ تینوں شامل ہیں ان چیزوں سے تعرض کیا ہے اور یہ میری نگاہ میں مناسب اور ضروری تھا، اس بارے میں جو کچھ کام انہوں نے کیا ہے، وہ بڑا مفید تھا۔

جناب والا! اب اس سے ہٹ کر میں چند باتیں اور عرض کرنا چاہتا ہوں جن میں پہلی بات یہ ہے جہاں ان چاروں چیزوں کو میں درست، صحیح اور ضروری سمجھتا ہوں، وہاں میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں، جو باتیں آئیڈیالوجی کونسل نے آج تک پیش کی ہیں ان سے پوری طرح یہ

[Prof. Khurshid Ahmad]
بات واضح نہیں ہوتی ہے کہ ایک نظریاتی ریاست میں نظریئے کا مقام کیا ہونا چاہئے' جناب والا! ہم جس دور سے گزر رہے ہیں' جس کا بنیادی تصور اور نعرہ ہی یہ ہے کہ مذہب ایک از کار رفتہ شئے ہے۔ زمانہ مذہب سے آگے گزر گیا ہے۔ اب اصل چیز انسان کی مادی ضروریات اور ان مادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے وہ ذرائع خواہ وہ عقل کے ہوں' تاریخ کے ہوں' سائنس کے ہوں یا ٹیکنالوجی کے' یہ ہماری رہنمائی اور ہدایت کے لئے کافی ہیں۔ میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ جب نیوٹن نے سولر سسٹم کا تصور پیش کیا تو بادشاہ وقت نے یہ بات کہی کہ

Mr. Laplace, I do not find any reference to God in your system, he replied : Your majesty, I do not need God.

یہ ہے وہ روح عصر لیکن ہم اس روح عصر کے باغی ہیں ہم اس تہذیب کے مقابلے میں اس تہذیب کے علمبردار ہیں جس کی بنیاد ایمان پر ہے جس کی بنیاد عقیدے پر ہے اور جو زندگی کے ہر معاملے کو اس عقیدے کی روشنی میں دیکھنا چاہتی ہے۔ اس معاملے میں ہم بہت ہی فروتر level کے اوپر ہیں لیکن اشتراکیت بہر حال ایک نظریاتی ریاست کا تصور پیش کرتی ہے چاہے وہ نظریہ مادی ہو' معاشی ہو' materialism کی تاریخ میں اس کی بنیاد ہو' لیکن مغرب کے سیکولر نظام سے ہٹ کر کے انہوں نے کم از کم خاص سطح پر نظریئے کو لانے کی کوشش کی' لیکن اسلام کا تصور ریاست و معاشرہ بہت بلند ہے اور وہ فرد کو خدا سے جوڑتا ہے اور اس ایمان کی بنیاد کے اوپر انفرادی مزاج، کردار' اخلاق اور پھر معاشرے کا مزاج' معاشرے کی institutions اس کا قانون' اس کے اداروں کی تشکیل کرتا ہے۔ اور اسی پہ اکتفا نہیں کرتا بلکہ انسان کے مزاج کو بدلنے کے ساتھ ساتھ اور معاشرتی نظام پر اس مزاج کو غالب کرنے کے بعد وہ زمانے کے مزاج کو بھی بدلنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ پھر یہ نیا انسان اور نیا ادارہ اور نیا نظام تاریخ میں ایک نئی مثال اور ایک نئے دور کا اضافہ کر سکے یہ چیز ایک نئی creative approach کا تقاضا کرتی ہے اس لئے اس ضرورت کو ہم سمجھیں کہ ایک نظریاتی ریاست میں نظریئے کا مقام کیا ہے۔

میں آپکو یاد دلاؤں گا کہ قائد اعظم مرحوم نے آزادی کے فوراً بعد اپنی ایک تقریر میں ایک موقع پر یہ بات کہی تھی کہ

"Pakistan has been established as an embodiment of Islam".

اور جو الفاظ استعمال کئے گئے تھے as a witness لفظ witness بڑا اہم ہے اسلئے ہمیں شہادت دینی ہے اس نظریئے اور تصور کی دنیا کے سامنے' تو پھر ہمارا جو قبلہ ہے ہمارا سوچنے کا جو انداز ہے وہ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ مغرب میں اس کا چلن ہے' اشتراکیت والے یہ کام کر رہے ہیں۔ ہمیں ہر چیز کو اپنی روایات' اپنے اصول اور نظریئے کی بنیاد پر لینا چاہئے اور یہ ایک transformation ہے جس کو ہمیں پورا کرنا ہو گا۔ لیکن سچی بات یہ ہے کہ ہم نے اسلام کے لئے lip service بہت کی ہے اور ہم نے اداروں اور قوانین میں decorating changes بھی کی ہیں لیکن اصل چیز جب تک کہ دل میں نہ اترے جب تک آپ ایک نیا انسان نہ پیدا کریں اور سوچنے کا ایک نیا انداز نہ دیں اس کو نئی approach نہ دیں اس وقت تک آپ اسے حاصل نہیں کر سکتے۔ میں ایک مثال صرف دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جو انقلاب لائے اس میں سب سے بنیادی چیز یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرد کے اندر یہ نیا ایمان اجاگر کیا ہے اس کو ایک نیا شعور دیا اور پھر اس کی بنیاد پر اس کی پوری زندگی بدل دی۔

غزوہ احد کے موقع پر ہمیں ایک واقعہ ملتا ہے کہ ایک صحابی کھجوریں کھا رہے تھے اور ان کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد پہنچتا ہے کہ جو اس جہاد میں شرکت کرے گا اور جان دے گا وہ جنت میں جائے گا۔ وہ آکر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے یہ فرمایا ہے آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہا کہ ہاں میں نے یہ فرمایا ہے کہ جو اس جہاد میں شرکت کرے گا اور جان دے گا وہ جنت میں جائیگا۔ جناب والا! ان کا جواب یہ تھا کہ پھر میرے اور جنت کے درمیان یہ کھجوریں کیوں حائل رہیں جو کھجوریں وہ کھا رہے تھے انہوں نے پھینک دیں۔ یہ تھا وہ ایمان۔ جب تاتاریوں نے مسلمانوں کی اینٹ سے اینٹ بجادی اور پھر جب اسلام نے تاتاریوں پر فتح حاصل کی تو وہاں بھی یہی ایمان کی قوت تھی میں آپ کو وہ واقعہ یاد دلاؤنگا کہ جب تاتاری ولی عہد کاشغر سے گزر رہا تھا اور اس کو ایک مسلمان صوفی ملتے ہیں اور ان بزرگ سے بات چیت کرنے کے بعد اس نے کوشش کی کہ اسلام کی تحقیق کی جائے۔ اس نے ان سے کہا کہ بڑے میاں یہ بتاؤ کہ تم زیادہ اچھے ہو یا یہ میرا کتا اچھا ہے۔ لیکن وہ بزرگ اس پر برانگیختہ نہیں ہوئے انہوں نے جواب دیا کہ میں اس کا جواب ابھی نہیں دے سکتا۔ اس نے کہا کہ آخر کیوں نہیں دے سکتے انہوں نے کہا اس کا انحصار اس پر ہے

[Prof. Khurshid Ahmad]

کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر میں ایمان پر مرتا ہوں تو پھر میں اچھا ہوں ورنہ تمہارا یہ کتا اچھا ہے۔ اس جملے سے اس کے دل پر ایسی چوٹ لگی کہ وہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ یہ ایمان کی قوت کیا ہے؟ اس نے کہا کہ تم آکر مجھ سے میرے محل میں ملو۔ لیکن وہ نہیں ملے اس کا انتقال ہو گیا اپنے بیٹے کو وصیت کی.................... (اگر آپ اجازت دیں گے تو میں اسے نماز کے بعد جاری رکھونگا)۔

**Mr. Chairman:** Thank you. *The house is adjourned to meet again at 6.35 for half an hour.*

---

*[The house adjourned for Maghrab Prayers].*

---

[The House re-assembled after the interval with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں یہ بات عرض کر رہا تھا کہ اسلام کی اصل خصوصیت یہ ہے کہ اس نے امت مسلمہ کی اصلاح، تبدیلی اور انقلاب کی بنیاد ایمان پر رکھی ہے وہ واقعہ پورا سنا دوں۔ جب یہ لڑکا کاشغر پہنچا تو معلوم ہوا کہ جو ولی عہد تھا وہ اب بادشاہ بن چکا ہے اور اس تک رسائی بڑی مشکل تھی۔ اس لئے محل کے باہر ایک جھونپڑا ڈال دیا اور وہیں گزر بسر شروع کر دی، ایک دن صبح جب یہ فجر کی نماز کی اذان دے رہا تھا تو آواز بادشاہ کے کانوں میں پہنچی اور بادشاہ نے بلایا کہ کون پاگل ہے جو شور مچا رہا ہے، ہمارے آرام میں مخل ہو رہا ہے۔ اسے دربار میں بلایا گیا تا کہ اس سے جواب طلبی ہو سکے۔ اس نے کہا کہ جواب طلبی جو چاہیں آپ مجھ سے کریں لیکن میں یہاں دراصل آپ کا انتظار اس لئے کر رہا تھا کہ میرے پاس آپ تک پہنچانے کے لئے ایک امانت تھی اور وہ امانت یہ تھی کہ آپ کو شاید یاد ہو گا کہ اتنے برس پہلے جنگل میں آپ کی ملاقات ایک بزرگ سے ہوئی تھی وہ میرے والد صاحب تھے ان کا انتقال ہو چکا اور انہوں نے مجھ سے یہ کہا تھا کہ میں یہ بات آپ تک پہنچا دوں کہ الحمد للہ میری موت ایمان پر ہو رہی ہے اور میں آپ کے اس کتے سے بہتر ہوں۔ یہ واقعہ سن کر کے بادشاہ نے بے اختیار ہو کر کہا "لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ پڑھا"، اور یہ وہ چیز تھی کہ جس نے تاتاریوں کو داخل اسلام کر دیا۔ اقبال نے کہا!

پاسبان مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

جناب والا! میں جو بنیادی بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایمان اور نظریئے کا جو مقام ایک نظریاتی ریاست کے اندر ہے وہ ہم نے آج تک اسلام کو نہیں دیا اور میری نگاہ میں یہ ہماری سب سے بڑی کمزوری ہے اور یہاں مجھے آپ اجازت دیں تو دو ر تین' باتیں بہت صاف صاف عرض کر دوں۔ بلاشبہ اسلام انسان کی آزادی کیلئے دنیا میں آیا اور انسان کو انسان کی غلامی سے اگر کسی نے نجات دلائی ہے تو صرف اسلام ہے۔

ے ایک سجد جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدے سے آدمی کو دیتا ہے نجات

لیکن جناب والا! اسی آزادی کی کچھ حدود ہیں اسلام ایک شخص کو اسلام قبول کرنے سے پہلے اس بات کی پوری آزادی دیتا ہے کہ وہ ہر طرح غور و فکر کرے' ہر چیز کو جانچے پرکھے' تنقید کرے اور سوچ سمجھ کر جب وہ اسلام کو قبول کر لے تو پھر یہ آزادی باقی نہیں رہتی اللہ تعالیٰ کی انصاف پسندی کا تو یہ عالم ہے کہ اس نے اپنے ہی بندوں کو یہ آزادی بھی دے دی ہے کہ وہ اللہ کے وجود کا انکار کر دیں۔ اس لئے اسلام کے اندر جو آزادی ہے وہ پھر خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قانون کے اندر آزادی ہے۔ اس کے باہر آزادی نہیں ہے۔

یہاں میں یہ بھی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ اجتہاد کے نام پر جو قرآن و سنت کی تحریف ہوتی ہے اسے نظرانداز کیا جاتا ہے۔ اس کے کھلے کھلے اور واضح احکام کے خلاف بات کی جاتی ہے۔ ایسے اجتہاد کا کوئی تصور اسلام میں نہیں ہے۔ اجتہاد نام ہے اس بات کا کہ خدا کی کتاب اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے طریقے کے اندر ان مقاصد کو سامنے رکھ کر' ان اصولوں اور احکام کے پیش نظر جو دیئے گئے ہیں وہ تمام مسائل جن کے لئے مفصل رہنمائی موجود نہیں ہے ان اصولوں کی روشنی میں آپ ان کے لئے احکام حاصل کریں۔ یہ مادر پدر آزادی نہیں ہے۔ مادر پدر آزادی اسلام قبول کرنے کے بعد باقی نہیں رہتی۔ جناب والا! اس سے آگے بڑھ کر میں یہ کہوں گا کہ یہ معاملہ صرف اسلام ہی کا نہیں ہے۔ دنیا کا کوئی بھی نظام کچھ حدود اور پابندیوں کے بغیر وجود میں نہیں آ سکتا۔ میں آپ کو ایک واقعہ یاد دلاؤں گا۔ ایک فلسفی سے پوچھا گیا کہ آزادی کی تعریف کیا ہے تو اس نے کہا کہ مجھے آزادی ہے کہ میں ٹہلتے ہوئے اپنے ہاتھ کو جہاں تک چاہوں ہلاؤں لیکن جہاں سے تمہاری ناک کی سرحد شروع ہوتی ہے وہاں سے میرے ہاتھ کی آزادی ختم ہو جاتی ہے۔ مجھے یہ اجازت نہیں ہے کہ میں تم کو کوئی زد

[Prof. Khurshid Ahmad]

پہنچاؤں۔ تو آزادی تو نام ہی ایک فریم ورک میں موومنٹ کی آزادی کا ہے۔ اور اگر فریم ورک ہی باقی نہیں رہتا تو پھر آزادی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

ہمیں تحمل کی بڑی تلقین کی جاتی ہے کہ اسلام تو (tolerance) کے لئے آیا ہے، رواداری کے لئے آیا ہے اس رواداری کے نام پر قرآن کو چاہے چھوڑ دو، رسولؐ کو چاہئے چھوڑ دو، جو تقاضے شریعت کے واضح اور بین ہیں ان کو نظر انداز کر دیجئے۔ اور ان میں تبدیلی کر دیجئے۔ ایسی کوئی رواداری نہ دنیا کے کسی نظام نے آج تک قبول کی ہے اور نہ اسلام قبول کر سکتا ہے۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ روس کا آئین، آئینی طور پر کسی آئینی سٹیٹ کو (secede) کرنے کی آزادی دیتا ہے۔ لیکن secession کا کوئی قانون کوئی کلمہ کوئی روس میں دکھا سکتا ہے۔ روس ایک نظریاتی ریاست ہے اور جتنی بھی نظریاتی ریاستیں ہیں وہ اپنے نظریئے کا تحفظ کرتی ہیں قانون کے ذریعے سے بھی، روایات کے ذریعے سے بھی اور انتظامی قواعد و ضوابط کے ذریعے سے بھی۔ آپ کو معلوم ہے کہ روس میں مذہب کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کی نہ صرف اجازت ہے، بلکہ اس کے لئے قانونی ادارے قائم ہیں لیکن اشتراکیت کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کا حق کسی کو حاصل نہیں ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ روس میں جو (purges) ہوئی ہیں، ۱۹۲۸ء سے لے کر ہر دور میں ہوتی رہی ہیں، ان کی بنیاد کیا ہے؟

جناب والا! میں آپ کی توجہ روس نہیں اشتراکیت نہیں، وہاں تو بہر حال یہ ایک معلوم شدہ چیز ہے، ان جمہوری ممالک کی طرف دلاؤں گا جن کی مثال دی جاتی ہے اور جن سے ہمیں سمجھایا جاتا ہے کہ اس طرح ہمیں آزادی حاصل ہے اور اس چیز کے اوپر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے۔ پاکستان اور اس کا نظریہ اسلام، پاکستان کا استحکام اس فیڈریشن اور اس فیڈریشن کے تحفظ کے بارے میں جس کا جو دل چاہے وہ کہہ دے۔ جو دل چاہے وہ چھاپ دے، اس ملک کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے، اسلام ہمارے لئے نظام زندگی نہیں ہے، اسلام ماضی کی ایک چیز ہے وہ نہیں چل سکتا ہے۔ جو چاہے کہہ دیں کوئی پابندی نہیں۔ برٹینڈ رسل، آپ کو معلوم ہے کہ مغربی فلسفے میں اس کا کیا مقام ہے اور پولیٹکل فلاسفی اور سوشل فلاسفی میں اس نے کتنا حصہ لیا ہے۔ ایک بڑا دلچسپ مسئلہ پیش آیا۔ ایک ریاست میں پارلیمینٹ کے اندر، کیمونسٹوں کو اکثریت حاصل ہو گئی اور اس ligislature کو توڑنے کا مسئلہ تھا اور اس میں بڑی بحث چلی اس میں حصہ لیتے ہوئے برٹینڈ رسل کہتا ہے۔

"We profess to favour democracy and at the same time we say that we cannot tolerate a recently elected Parliament which has a Communist majority because we are apprehensive of future irregualrities, on the faith of which, this is inconsistent. But the problem is not a new one. What an up-holder of democracy has to do when a majority votes against democracy. I think the answer is that democracy involves legal opportunities for changes of opinion and that it is un-demoratic to allow a momentarily popular click to secure itself into power indifinitely".

اسی مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے ایک اور بی بی سی کا commentator کہتا ہے کہ

But there are and there must be limits to this freedom. For instance, could we permit Communist schools within the national education system. My answer, quite clearly, would be 'No'. On these grounds it is the duty of the Government to maintain national unity".

آگے چل کر وہ کہتا ہے کہ

The difference between us and the authoritarian states is not absolute. It is that they will tolerate divergency at no stage and we are prepared to take action only with great reluctance and as a last resort".

جناب والا! لٹریچر اس چیز سے بھرا پڑا ہے کہ tolerance کی حدود کیا ہیں؟ اس لئے کہ اگر حدود نہ ہوتیں تو (Intolerance) کو بھی (Tolrate) کیا جاتا۔

میں یہ بات صاف کہنا چاہتا ہوں کہ رواداری کے نام پر اسلام کے مسلمات سے انحراف ' قرآن وسنت کے واضح احکام سے انحراف ان اصولوں سے جن پر ہماری امت کا شیرازہ قائم ہے ' انحراف گوارا نہیں کیا جا سکتا۔ اس سلسلے میں جناب والا! قرآن پاک کی دو آیات ہیں جن کو بار بار پیش کیا جاتا ہے۔ علامہ اقبال ؒ نے بہت صحیح کہا تھا کہ آج قرآن ایک مظلوم کتاب ہے۔ لیکن میں اس سے ذرا آگے بڑھ کر کہوں گا کہ اس مظلوم کتاب کی دو آیات تو بہت ہی زیادہ مظلوم ہیں۔ ایک لا اکرہ فی الدین اور دوسری لکم دینکم ولی دین ' ۔ جناب والا!

[Prof. Khurshid Ahmad]

فی الحقیقت لااکراہ فی الدین قرآن کا ایک حکم ہے اور ایک مسلمان ایک لمحے کے لئے بھی اس سے انحراف کا تصور نہیں کر سکتا۔ لااکراہ فی الدین کے معنی یہ ہیں کہ کسی کو اپنے مذہب میں جبر، ظلم اور زیادتی قوت اور طاقت کے ذریعے داخل مت کرو اس لئے کہ ایمان ایک ایسی چیز ہے جو جبر سے داخل ہو نہیں سکتی۔ جو تلوار سے آ نہیں سکتی۔ اس لئے اگر آپ اس آیت کو دیکھیں۔ یہ سورۃ بقرہ کی آیت ہے وہاں صاف کہا جاتا ہے کہ لااکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی فمن یکفر بالطاغوت ویومن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقیٰ لا انفصام لها۔ واللہ سمیع علیم۔ گویا کہ حقیقت ثابت ہو گئی ہے۔ اب جو چاہے قبول کرے اور جو چاہے قبول نہ کرے۔ ہم اس پر کبھی تشدد نہیں کریں گے اور مسلمانوں نے کبھی تشدد نہیں کیا۔ لیکن ایک مرتبہ اسلام کو قبول کر لینے کے بعد پھر آپ اسلام کے حکم کے بارے میں کہیں گے 'لااکراہ فی الدین؟ اب اللہ کا حکم بھی ہمارے لئے (relevant) نہیں ہے اور یہ بھی گویا کہ اکراہ ہو گیا؟ یہ قرآن کا منشاء نہیں ہے۔ اللہ کا ہر حکم حکم ہے۔ اور ہمارے مسلمان ہونے کا تقاضا ہے کہ ہم اس کو مانیں۔ آخر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر یہ بھی تو اسی قرآن کا حکم ہے۔ اسلام قبول کر لینے کے بعد ہر امر کو ہمیں قبول بھی کرنا ہے اور نافذ بھی کرنا ہے۔ ہر منکرات ہر برائی کو ہمیں برائی تسلیم کرنا ہے اور اسے مٹانا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم برائی کو دیکھو تو اسے اپنے ہاتھ سے بدل دو اور اگر تم یہ قوت نہ رکھتے ہو کہ اسے اپنے ہاتھ سے بدل دو تو اس کے خلاف کلمہ کہو اور حالات ایسے ہیں کہ تم یہ بھی نہ کر سکتے ہو تو اس کو برائی سمجھو اپنے دل کے اندر اور یہ ایمان کا کمزور ترین حصہ ہے۔ اگر یہ بات بھی نہیں ہے تو ایمان تم میں داخل ہی نہیں ہو سکتا ہے۔ جناب والا! لااکراہ فی الدین جن اصولوں کے ساتھ ہے ان میں کوئی (compromise) نہیں ہو سکتا۔ اس کے نام پر اسلام کے احکام سے صرف نظر کرنا یا انحراف کرنا' اس کی بھی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

دوسری مظلوم آیت لکم دینکم ولی دین ہے۔ کہ "تم اپنے دین پر رہو ہم اپنے دین پر رہیں"۔ لیکن جناب والا! آپ اگر غور فرمائیں تو یہ پوری سورۃ' جس کی آخری آیت یہ ہے۔ یہ مکی دور کے اس زمانے میں نازل ہوئی جب کفار نے اس بات کی کوشش کی کہ مسلمانوں سے یہ کہیں کہ اچھا آؤ سمجھوتہ ہو جائے کچھ تمہارا دین اور کچھ ہمارا دین۔ ایک سال تمہارے خدا کی پوجا ہو جائے ایک سال ہمارے خدا کی پوجا ہو جائے۔ اس طرح مل جل کر ایک چیز نکالی

جائے۔ لیکن اس کا جواب قرآن نے صاف دے دیا کہ اے وہ لوگو! جو اللہ کے اس نبی کا انکار کر رہے ہو، اللہ کے دین کا انکار کر رہے ہو۔ تم جس کی پوجا کرتے ہو ہم اس کی پوجا نہیں کرتے ہم جس کی پوجا کرتے ہیں تم اس کی پوجا نہیں کرتے تمہارا معبود اور ہے اور ہمارا معبود اور ہے۔ یہ دو الگ الگ راستے ہیں یہ دو الگ الگ طریقے ہیں یہ مل نہیں سکتے یہ تو دراصل اعلان برأت ہے۔ یہ اعلان جنگ ہے اور مفسرین نے یہ بات کہی ہے کہ اس آیت کے ذریعے سے مستقل یہ بات واضح ہو گئی کہ ایک امت اور ایک مسلک اسلام کا مسلک ہے اور ایک امت اور ایک مسلک کفر کا مسلک ہے۔ اور ان دونوں میں سمجھوتہ نہیں ہو سکتا یہ دونوں ایک دوسرے سے بر سر پیکار ہیں۔ یہ ہے اس کا معنیٰ اگر یہ ہو جائیں کہ ٹھیک ہے آپ کو کسی کو نیکی کی تلقین کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے ہیں پھر اس کے بعد کیا سلسلہ رہ جاتا ہے اسلام تو دراصل دنیا کے نظام کو بدلنے کے لئے آیا ہے۔ قرآن نے صاف کہا ہے۔ کنتم خیر امت اخرجت للناس تامرون بالمعروف و تنہون عن المنکر و تؤمنون باللہ، کہ تم وہ بہترین امت ہو جو انسانیت کے لئے بھیجے گئے ہو۔ تمہارا مشن یہ ہے کہ تم نیکیوں کا حکم کرتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو۔ محض یہ نہیں کہا کہ تم اس کی تلقین کرتے ہو تم اس کا وعظ کہتے ہو، نہیں تم اس کا حکم کرتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو۔ اور اس لئے کہ تم مسلمان ہو۔

جناب والا! میں پورے ادب سے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قرآن پاک کی یہ آیتیں بڑی مظلوم ہیں۔ رواداری بالکل اپنی جگہ ہے دوسروں کا احترام اپنی جگہ لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اس کا نام لے کر، قرآن اور حدیث کے واضح احکام جو ہیں ان سے انحراف کی اجازت دے سکیں۔ جناب والا! میں آپ کی توجہ اس طرف بھی مبذول کرانا چاہوں گا کہ بار بار یہ بات کہی گئی ہے کہ ہم modernization کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت ہے کہ یہ بات ہمارے سامنے بالکل واضح ہو جائے کہ اسلام ترقی چاہتا ہے اسلام نے اپنے دور کی ٹیکنالوجی کو اخذ کیا، ترقی دی، آگے بڑھایا اور دنیا کو نئی ٹیکنالوجی دی لیکن ہر ٹیکنالوجی کا ایک کلچرل پس منظر ہوتا ہے اور اس پس منظر سے صرف نظر کر کے ٹیکنالوجی کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ آج کے دور میں یہ صحیح ہے کہ کچھ چیزوں کے اندر مغرب ہم سے آگے ہے اور

[Prof. Khurshid Ahmad]

ہمیں وقت کی ٹیکنالوجی کو مسخر کرنا چاہیئے ہمیں اس کو اپنے قابو میں کرنا چاہیئے یہ ہمارا ایک دینی فرض ہے اور اس پہلو سے مجھے شکایت ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے اس پہلو کو اتنا نمایاں نہیں کیا قرآن کہتا ہے کہ تم قوت حاصل کرو تمہارے گھوڑے تیار رہنے چاہیں، تمہارے دور کی جو قوت اور ٹیکنالوجی کے نشان ہیں وہ تمہارے پاس ہونے چاہیں اور یہ تمہارے پاس اتنی تعداد میں ہونے چاہیں کہ تم دنیا کے سامنے ان کے پیچھے نہ چلو بلکہ ان کے آگے چلو۔

جناب والا! اس کے ساتھ ہی میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہر تہذیب، اس کا اپنا ایک مزاج اور اس کی اقدار ہیں اگر modernization کا معنی westernization ہے تو ہم ایسی Modernization پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اس لئے کہ ہمیں اسلام کی بنیاد پر ترقی کرنا ہے اور میں صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ یورپ نے بھی جن چیزوں کی بنیاد پر ترقی کی ہے وہ اس کا علم ہے وہ اس کے فنون ہیں وہ اس کی ٹیکنالوجی ہے، وہ اس کی تعلیم ہے وہ اس کی تحقیق ہے اور وہ سنجیدگی ہے جس سے وہ اپنے معاملات کو لے کر چلتے ہیں اور وہ اخلاص ہے کہ ان کو اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہے۔

لیکن ہمارا عالم یہ ہے کہ ہم نے ان تمام چیزوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔ جو خود ہماری اپنی میراث ہیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ یورپ کی ترقی ناچ کے اندر ہے گانے کے اندر ہے، فحاشی کے اندر ہے، بے پردگی کے اندر ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یورپ نے تعیش کا جو نظام قائم کیا ہے luxuries کا جو نظام قائم کیا ہے اس سے ان کی ترقی ہوئی ہے، یہ ہماری غلط فہمی ہے دراصل یہ وہ چیزیں ہیں جو یورپ کو تباہ کر رہی ہیں، یہ وہ چیزیں ہیں جن کی بنا پر مغربی تہذیب آج اپنے ہاتھوں تباہ ہو رہی ہے۔ میں آپ کو متوجہ کرونگا انسائیکلوپیڈیا برطانیہ کی طرف ۱۹۸۵ء کی تازہ ترین year book آئی ہے، اس کا پہلا مضمون "ہماری تہذیب کا انتشار معاشرہ میں" ذار دیکھئے جو سال تک دنیا کے تمام عالمی لیڈروں سے interviews کر کے مرتب کیا گیا ہے اور اس میں، ہر شعبہ میں نظر آ رہا ہے کہ جس چیز کو آپ بڑا دل خوش کن اور بڑا impressive دیکھ رہے ہیں وہ اندر سے گھن کی طرح اس کو کھائے جا رہی ہے۔ اس میں آج جرائم کی رفتار کیا ہے اس میں انسان، انسان کے خلاف کس طرح صف آرا ہو چکا ہے۔ خاندان کا نظام کس طرح بکھر رہا ہے، بین الاقوامی تعلقات کس طریقے سے ان تمام اقدار سے، اور ان تمام اصولوں سے منحرف ہو گئے ہیں جن پر بین الاقوامی نظام پچھلے ساڑھے چار سو سال سے قائم رہا ہے۔

جناب والا! میں یہ چاہوں گا کہ اس معاملے میں ہم جذباتی بات نہ کریں۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں یہ عرض کروں کہ اس وقت تقریباً بارہ میجر تاریخی فلسفے پائے جاتے ہیں decline of the west سپنگلر سے لے کر کے موجودہ ریسرچ تک' یہ سب اس بات کے اوپر متفق ہیں کہ مغربی تہذیب کی بنیادیں کیا رہی ہیں وہ سیکولر ہیں ہر ایک نے اسے نام دیئے ہیں پھر یہ سب اس بات کے اوپر متفق ہیں کہ یہ تہذیب اب اپنے انتشار کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ اور اگر ماضی کی ۳۰ یا ۳۵ تہذیبوں کی تاریخ کو یہ رہنمائی دیتی ہے تو صاف ظاہر ہو رہا ہے یہ تہذیب اب اپنی موت کی طرف جا رہی ہے اور یہ کہ اس کو کتنا وقت لگے گا' کوئی نہیں کہہ سکتا۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ کسی تہذیب کو ختم ہونے میں سو سال بھی لگے ہیں اور ایسا بھی ہوا ہے کہ رومن ایمپائر ایک سو سال میں اپنے عروج پر پہنچی اور اسے ختم ہونے میں ایک ہزار سال لگے ہیں۔ دوسرے یہ تمام فلاسفر آف ہسٹری اس بات پر متفق ہیں کہ نئی تہذیب جو ابھرے گی وہ اس اصول کے متبادل بلکہ اس کے مقابلے کے اصول پر ابھرے گی جس پر یہ تہذیب ابھری تھی اور پھر دلچسپ بات یہ ہے کہ سب اس پر بھی متفق ہیں کہ اس نئی تہذیب کا جو horizon ہے جس پر یہ ابھرے گی وہ جغرافیائی طور پر وہ نہیں ہے جو مغربی تہذیب کا ہے بالکل اس مقام سے ابھرے گی جس کے بارے میں اب ہم سمجھتے ہیں کہ گویا کہ وہ سنٹر تہذیب کا نہیں ہے جو ترقی پذیر ہے۔ جناب والا! ہمیں مغرب کے بارے نہ کوئی تعصب ہونا چاہئے اور نہ مرعوبیت۔ بلکہ ہم اپنے اصول پر اعتماد رکھتے ہوئے اور اس بات کو سامنے رکھتے ہوئے کہ ٹیکنالوجی اور سائنس علم انسان کی میراث ہیں' پوری انسانیت کی میراث ہیں جہاں سے بھی ملے' لیکن اس سے ہمیں اخذ کر کے اپنے نظام میں لینا ہے اور پھر اپنے اصولوں اور بنیادوں کی روشنی میں اس کام کو انجام دینا ہے۔

جناب والا! میں نے آپ کا بہت وقت لیا ہے میں آخر میں صرف تین باتیں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں پہلی چیز یہ ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل اور اس پارلیمنٹ کو یہ بات سوچنی چاہئے کہ نظریئے کا کیا مقام ہے فی الحقیقت ہماری قومی زندگی میں' اور یہ صرف قانون کا معاملہ نہیں ہے یہ معاملہ سب سے پہلے علم کا ہے' یہ تعلیم کا معاملہ ہے یہ معاملہ policy information کا معاملہ ہے' یہ معاملہ افراد کے اخلاق اور کردار کا ہے یہ صرف حکومت ہی کے کرنے کا نہیں' ہم سب کے کرنے کا کام ہے اور یہ دوسری چیز ہے

[Prof. Khurshid Ahmad]

جسے میں نے اسلامی نظریاتی کونسل کی رسائی میں کم پایا اور ان کا emphasis زیادہ تر شاید اپنے دستوری مرتبے کی وجہ سے یہ تھا کہ حکومت کیا کر سکتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کے نفاذ کے لئے حکومت کے ساتھ ساتھ پوری قوم کو ہر فرد کو، علماء کو، عام انسانوں کو سیاسی پارٹیوں کو دوسرے اداروں کو ہر ایک کو ایک کردار ادا کرنا ہے۔ یہ ایک اجتماعی اصلاحی تحریک کی حیثیت سے ابھرے گا اور بلاشبہ اس کے اندر پھر حکومت کو اور قانون کو بھی ایک کردار ادا کرنا ہے۔

جناب والا! دوسری بنیادی بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسلامی نظریاتی کونسل نے اپنا فرض ادا کر دیا اب یہ ہماری ذمہ داری ہے، پارلیمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ اس کو آگے بڑھانے کا کام انجام دے۔ اس کے لئے جناب والا! میری سفارش یہ ہے، میری گزارش یہ ہے کہ ان دستاویزات کو عمومی بحث کی نظر نہ کر دیا جائے میں اس بحث کا مخالف نہیں، میں خود بھی اس میں شریک ہو رہا ہوں، ساتھی بھی اس میں شریک ہو رہے ہیں، بڑے مفید مشورے میرے دوستوں اور بزرگوں نے دیئے ہیں لیکن میری گزارش یہ ہو گی کہ اس ہاؤس کو اور قومی اسمبلی کو ایسی کمیٹیاں بنانی چاہئیں کہ جو تفصیل میں جا کر تمام چیزوں کا مطالعہ کر کے کہ ان میں کیا کیا چیزیں ہیں جو کہ قانون کی شکل میں ڈھالی جا سکتی ہیں اور کیا چیزیں ہیں کہ جن کے ذریعے حکومت کی پالیسی کو متاثر کرنا ہے، اس کی صورت گری کرنی ہے۔ یہ کام اگر ہم نے نہیں کیا تو پھر جو بھی قوت اور وقت ہم صرف کر رہے ہیں میری نگاہ میں وہ صرف ضیاع کے برابر ہو گا۔

جناب والا! آخری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور بڑی دردمندی سے کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے ان اسلامی نظریاتی کونسل کی reports کے ساتھ انصاف نہیں کیا یہ آٹھ سال سے موصول ہوئی ہیں۔ یہ آٹھ سال سے مدفون پڑی ہوئی ہیں ہمارا فرض تھا ان کی بنیاد پر ضروری اقدام کرتے، آپ رپورٹ دیکھئے تو معلوم ہو گا، ایک بڑا حصہ ایسا ہے جس کا نوٹس نہیں لیا گیا، قوانین کے مسودے تقریباً ۵۶ مسودے ان رپورٹوں میں، میں نے پائے ہیں جہاں تک مجھے ٹھیک یاد ہے جن میں سے چھ سات حکومت کے زیر غور ہیں۔ یہ تکلیف دہ چیز ہے اسلام کے ساتھ اس بیدردی اور غفلت کے ساتھ معاملہ نہ کیجئے اور ساتھ ہی مجھے اجازت دیں کہ میں یہ بات بھی کہوں کہ جہاں تک میں نے دنیا کی پارلیمانی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے میں کسی کو مطعون کرنے کے لئے یہ بات نہیں کہہ رہا، یہ میرا مزاج نہیں ہے۔ جناب والا! میں دکھ کے ساتھ یہ

بات کہتا ہوں، دنیا کی پارلیمانی تاریخ میں یہ وہ پہلا سال ہو گا، جب ایک پارلیمنٹ میں ایک سال تک اپنا کام پورا کرنے کے لئے کوئی ایک نیا مسودہ قانون گورنمنٹ نے introduce نہیں کیا، دو آئین کی ترامیم آئی ہیں وہ نئی قانون سازی نہیں ہے وہ وقتی ضرورت کے لئے آئینی amendments تھیں، ۱۳ amendments اور آئی ہیں جو آرڈینیس کے ذریعے ماضی میں introduce ہوئی تھیں اور ہم سے ان کو rectify کرایا گیا ہے اور وہ بھی جزوی ترمیمیں ہیں کہ اس کے اندر یہ جملہ بڑھا دو، یہ جملہ گھٹا دو، ایک پولیٹکل پارٹی ایکٹ آیا ہے وہاں بھی ایک چھوٹی سی ترمیم پولیٹکل ایکٹ میں جو پہلے سے موجود تھی نئی قانون سازی کا ایک مسودہ حکومت نے اس پارلیمنٹ میں introduce نہیں کیا اس پورے ایک سال میں، امریکہ میں اوسطاً تین ہزار قانونی مسودے introduce ہوتے ہیں اور دو سو سے اڑھائی سو مسوّدات منظور ہوتے ہیں۔ جناب والا! یہاں پر پرائیویٹ ممبرز نے کم از کم سینٹ میں چار مسوّدے پیش کئے ہیں جن میں سے تین کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مکمل قانون ہیں، ایک کی حیثیت ترمیم کی ہے لیکن حکومت کی طرف سے اس پورے ایک سال میں ایک نیا مسودہ قانون کا نہیں آیا، جب کہ پارلیمانی ڈیموکریسی تو نام ہی law governed society کا ہے اور law governed society میں It is through legislation that Government is ordained.

ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ دوسرے کے کمائے ہوئے پر ہم زندگی گزار رہے ہیں، جو قانون سازی دوسروں نے کی تھی، ہم اس کے مطابق چل رہے ہیں یہ روش ہمیں بدلنی چاہئے اور اس معاملے میں اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے جو رہنمائی کی ہے اس سے بھی فائدہ اٹھایئے، اور باقی دیکھئے کہ آپ کی سوسائٹی کے کیا مسائل ہیں، اور ان مسائل کو حل کرنے کے لئے کس قانون سازی کی ضرورت ہے اس طرح کی آپ مثال قائم کر دیں گے، لوگوں کی آپ خدمت کر دیں گے تو آپ ان اداروں کے وقار کو ثابت کر سکیں گے۔ ورنہ آج عالم یہ ہے کہ اس پارلیمنٹ کو قائم ہوئے ایک سال ہوا چاہتا ہے لیکن سیاسی عناصر جو اس دور میں پیچھے رہ گئے تھے، وہ بھی اسے مطعون کر رہے ہیں اور وہ افراد بھی جو خود اس نظام کے خالق ہیں اس پر انگشت نمائی کر رہے ہیں، یہ جینے کے طریقے نہیں ہیں یہ ان اداروں کو محترم بنانے اور قوی کرنے

[Prof. Khurshid Ahmad]

کے طریقے نہیں ہیں، یہ دراصل وہ راستہ ہے جو اس بڑھیا نے اختیار کیا تھا، کہ جتنا سوت وہ کاتتی جاتی تھی اتنا وہ توڑتی جاتی تھی، اس طرح کوئی کام نہیں ہوا کرتا، تو جناب والا! یکسوئی کے ساتھ، اعتماد کے ساتھ ایک clear vision کے ساتھ کام کیجئے جب کہیں آپ اس قوم کو صحیح قیادات فراہم کر سکیں گے اور اس مشکل سے نکل سکیں گے، جس میں ہم سب مبتلا ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے ارشادات کو ختم کرتا ہوں، اور میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں، جو کچھ میں نے پیش کیا اگر اس میں کوئی بات حق ہے تو ہم اس کے لئے دل کھول دیں۔ و آخر الدعونا ان الحمد اللہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، کوئی اور صاحب جو اظہار خیال کرنا چاہیں پھر اسی مقام پر پہنچ رہے ہیں کہ کوئی بولنے کے لئے تیار ہی نہیں ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بولنے کے لئے تو تیار ہیں لیکن پروفیسر صاحب کی اس مدبرانہ تقریر کے بعد یہ زیادتی ہوگی کہ ہمارے جیسا کوئی شخص کھڑا ہو کر اس وقت اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ تو آپ اس کو پرسوں تک postpone کیجئے۔

پروفیسر خورشید احمد: نہیں، یہ بات تو صحیح نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ایک چیز کا آپ فیصلہ کر لیں، موضوع آئندہ کے لئے بھی یہی ہونا چاہیے یا کسی دوسرے subject پر جا سکتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! یہ تو ابھی ختم نہیں ہوا، دو تین چار آدمی اس کے اوپر بولے ہیں میرے خیال میں ہمیں اس پر بولنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: مشکل یہ ہوتی ہے کہ جب موضوع ہے اور کورم موجود ہے تو کوئی بولنے کے لئے تیار نہیں ہے اور جب موضوع نہیں ہے، کورم نہیں ہے۔

............(مداخلت)

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: اس دن ایک موضوع رہ گیا تھا۔ اگر اجازت ہو تو

............(مداخلت)

جناب چیئرمین: نہیں آپ دوسرے موضوع کو نہ چھیڑیں اگر موضوع یہی ہے تو اسی پر بحث کریں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: ہاں اسی کے ساتھ ہے۔

جناب چیئرمین : اس پر آپ بول چکے ہیں۔

نوبزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : میں بول چکا ہوں ، لیکن اس کے ساتھ قادیانیوں کا مسئلہ میں نے بیان کرنا تھا مگر اس وقت وہ رہ گیا ، اسی پر میں نے کچھ بولنا ہے یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہوگی۔

جناب چیئرمین : فرمایئے

نوبزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، جناب چیئرمین صاحب ! اسی کڑی کے ساتھ اس وقت صرف نظر ہوا کہ دو چیزیں ہیں جو اسلام کو خراب کر رہی ہیں ، ایک تو جہالت ، کوئی شخص جو کلمہ پڑھتا ہے اس کو اپنے قرآن اور دین کے صحیح رکنوں کا بھی پتہ نہیں ہے چہ جائیکہ وہ قرآن کو صحیح پڑھے۔ دوسرا خطرہ اسلام کو ہمیشہ ان سے رہا ہے جو اسلام میں تخریب لاتے ہیں اور قرآن کی تفسیر کو غلط بیان کر کے لوگوں کو غلط راستے پر ڈالتے ہیں وہ لوگ جو نہیں جانتے ہیں وہ خلوص دل سے یہ سمجھتے ہیں کہ جو شخص قرآن کے حوالے دیتا ہے یہ واقعی قرآن ہے اور اسلام ہے لیکن پتہ اس وقت لگا جب حکومت نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی تکلیف کی ، بہت مشقت اٹھانی پڑی ، ۱۹۴۵ء تک مجھے یہ پتہ نہیں تھا کہ قادیانی کیا ہوتے ہیں ، میں سمجھتا تھا کہ قادیانیت بھی تجدید اسلام کا ایک ایسا فرقہ ہے جو ماڈرن زمانے کے مطابق دنیا میں تشہیر کرتی ہے اتفاق کی بات ہے ، ہم تین آدمی تھے جس میں سے ایک قادیانی تھا ، لنچ پر بیٹھے ہوئے تھے ، میں نے بات چھیڑی۔ اس زمانے میں کانگریس کی باتیں ہوتی تھی ، مسلم لیگ کی باتیں ہوتی تھیں ، یہ ۴۵ء کا زمانہ تھا ، میں نے خاکسار تحریک کی بات کی ، اس نے کچھ نہیں کہا کیونکہ داڑھی رکھی ہوئی تھی ، میرا خیال تھا کہ خاکسار اس قسم کی داڑھی رکھتے ہیں ، پھر میں نے کانگریس کی بات کی ، اس نے کچھ نہیں کہا ، پھر مسلم لیگ کی بات کی ، اس نے کچھ نہیں کہا پھر میں نے یہ کہا کہ یہ جو قادیانی ہیں ، آج کل کے زمانے میں یہ بڑی تبلیغ کر رہے ہیں ان کا 'Muslim World' ایک اخبار آتا تھا مگر اس نے یہ جو نبوت کا دعویٰ کیا ہے ، زبان سے کچھ گالی سی نکلی ، تو دوسرے دوست نے مجھے آنکھ ماری ، تو جناب ، اس نے ایک دم کہا ، ہمارے ہاں کیوں نبی نہیں ہو سکتا ، میں نے کہا کہ آپ قرآن پر ایمان رکھتے ہیں ، اس نے کہا ، ہاں ، آپ یہ بھی ایمان رکھتے ہیں کہ دین مکمل ہے ، اس نے کہا کہ ہاں ، تو میں نے کہا جب دین مکمل ہے تو پھر نبی کی ضرورت کہاں سے آگئی ؟ اور اگر ضرورت ہوتی تو پھر اللہ تعالیٰ نے کیوں کہا ، تم امر بالمعروف کرتے رہو ، اور

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

نہی عن المنکر کرتے رہو' اگر نبی کی ضرورت ہوتی تو اس آیت کی ضرورت نہیں تھی' جب خدا تعالیٰ نے اس آیت کو نازل کیا تو اب یہ کام امت کے سپرد ہوا ہے تاکہ جو قرآن میں احکام ہیں دین کے جو معاملات ہیں اب اس میں ایک گروہ تو ایسا ہونا چاہئے جو اس کے مطابق تلقین بھی کرے برائی سے روکے بھی' اور امر بالمعروف بھی کرے۔ تو جناب اس سے اس بات کا جواب نہ بن سکا' میں نے بولا کہ پہلے vacancy create کرو۔ اگر vacancy ہوگی تو پھر نبی کی ضرورت کی بات ہوگی' اگر vacancy ہی نہیں ہے ایک چیز مکمل ہو گئی پھر آپ کو ضرورت کس بات کی آگئی............(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس وقت آپ اسٹلبشمنٹ ڈویژن میں تو نہیں تھے؟

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: نہیں جناب' اس وقت ۷۵ء میں ہم چمن میں اے سی تھا یہ اس ٹائم کی بات ہے میں اسٹنٹ کمشنر تھا یہ دونوں بھی آفیسر تھے۔ میں نے اس سے پوچھا تمہیں قرآن کا پتہ ہے' پڑھا ہے؟ تو اس نے کہا کہ میں عربی کا بی اے ہوں' جو فرسٹ ڈویژن میں کیا۔ اب ہمیں معلوم ہو گا' کہ یہ قادیانی کیوں آئے' اس کی ضرورت کیوں پیش آئی' ہوا یہ ۱۸۵۷ء میں جس کو انگریز بغاوت کہتے ہیں' جس کو ہم آزادی کی جنگ کہتے ہیں' انگریزوں کو صرف ایک قوم سے خطرہ تھا' اور وہ مسلمان تھے' اور مسلمان سے اس لئے خطرہ تھا' ہر مسلمان جو کلمہ پڑھتا ہے یا ایمان والا ہوتا ہے وہ جہاد کو فرض سمجھتا ہے جو قوم جہاد کے اوپر مرمٹنے سے نہ ڈرتی ہو' اسے شہادت سمجھتی ہو' اس کے ذہن سے اس جہاد کو اتارنے کے لئے انگریز نے دو حربے استعمال کئے اول حربہ یہ تھا کہ ان لوگوں کے عربی مزاج ہی ختم کر دو' اس کو انگریزی تعلیم دے دو' اور جس تعلیم سے ہم گزرے ہیں' یہ میکالے کا نسخہ ہے ہم صرف انگریزی تہذیب' انگریزی زبان minus science technology پڑھ رہے ہیں ہمارا کام کیا ہے ہم انگریزی اچھی طرح سے بولیں' انگریزی لباس پہنیں' انگریزی طرز معاشرت اپنائیں' لیکن سائنس ٹیکنالوجی سے ہم بالکل اسی طرح کورے رہیں۔ مجھے ایک قصہ یاد آتا ہے کہ ایک سکھ لندن گیا' جب واپس آیا تو لوگوں نے پوچھا' سردار جی انگریز کیسے ترقی کرتے ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ وہاں بچہ بچہ انگریزی بولتا ہے جی۔ تو ہماری مثال وہی ہے کہ بچہ بچہ انگریزی تو بولتا ہے' ٹیکنالوجی نہیں جانتا ہے۔ اور قرآن سے اتنا نابلد اور جاہل ہے جیسا کہ ایک ہندو ہو سکتا ہے۔ اب آپ دیکھیں کہ ۱۸۵۷ء کے بعد جب ہماری تہذیب شروع ہوئی' انگریزی تعلیم ہم نے

حاصل کی کتنے لوگوں کو آئی۔ ایس۔ ایس۔ بی میں لیا گیا۔ وہی تھانیدار پولیس انسپکٹر پنشن پر گئے جو اپنے ملک کے غدار رہے اپنے لوگوں پر انہوں نے سخت ظلم کیا اور جس وقت پاکستان بنا تو وہی ذہن اس ملک پہ غالب ہے ' وہی ذہن ہے چاہئے وکالت کی صورت میں ہے ' چاہئے ملٹری کی صورت میں ہے یہ پہلا موقع ہے کہ کچھ علماء درمیان میں آگئے ابھی میں علماء کا ذکر نہیں کرونگا وہ آگے آئیگا۔

دوسری بات ' انگریز کی یہ غرض تھی کہ ایسی حکمت عملی بن جائے کہ جہاد کو ختم کر دیا جائے یہ تو بعد میں جب میں نے دو تین رپورٹیں پڑھیں تو قادیانی مرزا نے اتنی تعریفیں انگریزوں کی کیں اور جب پاکستان بنا آپ نے دیکھا کہ باؤنڈری کمیشن میں گورداسپور ضلع کا جو ابھی تک تحقیق نہیں ہوئی ہے کہ کس طرح سے ظفر اللہ نے پاکستان میں شامل ہونے والا علاقہ ہندوستان کے سپرد کیا۔ تیسری بات یہ ہے کہ میرا ایک دوست امریکہ گیا تھا اس نے کہا کہ موشے دایان کو دیکھا وہ ہوٹل میں روٹی کھا رہا تھا تو اس کے ساتھ اسی ٹائپ کے لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ مرزائیوں کا خاص مشن اسرائیل میں بیٹھا ہوا ہے وہ اسرائیل کے داشتے ہیں وہ پاکستان کے بدخواہ ہیں اور ان کی سب سے زیادہ کوشش یہ ہے کہ پاکستان پر کسی طریقے سے قبضہ کرے تا کہ پاکستان بھی اسی کے حق میں رہے تو اس سے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ اگلی بات یہ ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ وہ چیز ضبط کرنی چاہیئے جو ردعمل کے طور پر وہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں اب وہ کیسٹ بھجوا رہے ہیں کل پرسوں میرے ایک دوست بیٹھے ہوئے تھے مجھے پتہ لگا کہ ایک اور بریگیڈئر قیدی تھا۔ اور قید میں کوئی چیز اندر نہیں آ سکتی تھی لیکن قادیانیوں کی اتنی کتابیں آتی تھیں پبلسٹی کی اور قرآن شریف کی تفسیر جو اس کے پاس تھی جب ہم تفسیر پڑھتے تھے تو ہماری سمجھ میں آیا کہ یہ ٹھیک کہتے ہیں وہ اس لئے کہ جب آپ تفسیر کو جیسے اللہ تعالیٰ نے کہا کہ قرآن کے صحیح صحیح معنی لو۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے ۹ سو سال پہلے یہ پیش گوئی کی ہے۔ ان تفسیروں کو ہمارے جو سرکاری ابلاغ عامہ ٹی وی وغیرہ ہیں اس پر کچھ تقابل نہیں ہو رہا ' اگر تقابل ہوتا تو لوگوں کو پتہ لگتا کہ اصل چیز یہ ہے اور وہ یہ کہتے ہیں اور وہ چند علماء ہیں جو ختم نبوت کے سلسلے میں جلسے کرتے ہیں اگر یہ اتنا مؤثر ذریعہ نہیں ہے جتنا مؤثر ذریعہ ہماری پبلسٹی کا ہونا چاہئے اور scientifically ہونا چاہیئے۔ قرآن کے صحیح معنی لوگوں کو بتائے جائیں اور اس کا تقابل کیا جائے تا کہ جھوٹ اور سچ کا لوگوں کو پتہ چل سکے۔ تا کہ لوگ باخبر رہیں اس کی سخت ضرورت ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین : شکریہ اور کوئی صاحب اگر بولنے والا نہیں ہے تو

The house is adjourned to meet on Wednesday after Maghrab at quarter past six which is an official day, for official business. Thank you.

*[The House adjourned to meet again at quarter past six of the clock in the evening on Wednesday, on February 26, 1986].*

---